سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات2019

جمعتہ المبارک،11-اکتوبر2019

(یوم الجمع،11-صفر المظفر1441ھ)

سترہویں اسمبلی: پندرھواں اجلاس

جلد 15

381

اجلاس کی طلبی کا اعلامیہ

No.PAP/Legis-1(51)/2019/2125. Dated: 4th October, 2019. The following Order, made by the Speaker, Provincial Assembly of the Punjab, is hereby published for general information:

> "In exercise of the powers conferred on me under clause (3) of Article 54 read with Article 127 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, **Parvez Elahi, Speaker,** Provincial Assembly of the Punjab, hereby summon the Provincial Assembly of the Punjab to meet on **Friday, 11th October 2019 at 9:30 am** in the Assembly Chambers, Lahore.

Dated: Lahore, the
4th October, 2019

PARVEZ ELAHI
SPEAKER "

383

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ11-اکتوبر2019

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

(محکمہ خوراک)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

سرکاری کارروائی

عام بحث

1- مسئلہ کشمیر

ایک وزیر مسئلہ کشمیر پر عام بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

2- خدمات صحت

ایک وزیر خدمات صحت پر عام بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

3- امن وامان

ایک وزیر امن وامان پر عام بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

4- پرائس کنٹرول

ایک وزیر پرائس کنٹرول پر عام بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

5- ڈینگی کنٹرول

ایک وزیر ڈینگی کنٹرول پر عام بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

385

صوبائی اسمبلی پنجاب

ایوان کے عہدے دار

جناب سپیکر	:	جناب پرویز الٰہی
جناب ڈپٹی سپیکر	:	سردار دوست محمد مزاری
وزیر اعلیٰ	:	جناب عثمان احمد خان بزدار
قائد حزب اختلاف	:	جناب محمد حمزہ شہباز شریف

چیئر مینوں کا پینل

1۔	میاں شفیع محمد، ایم پی اے	پی پی۔258
2۔	جناب محمد عبداللہ وڑائچ، ایم پی اے	پی پی۔29
3۔	سردار محمد اویس دریشک، ایم پی اے	پی پی۔296
4۔	جناب کاشف محمود، ایم پی اے	پی پی۔241

کابینہ

1۔	ملک محمد انور	:	وزیر مال
2۔	جناب محمد بشارت راجا	:	وزیر قانون و پارلیمانی امور سماجی بہبود و بیت المال
3۔	راجہ راشد حفیظ	:	وزیر خواندگی و غیر رسمی بنیادی تعلیم
4۔	جناب فیاض الحسن چوہان	:	وزیر کالونیز

386

5۔	جناب یاسر ہمایوں	:	وزیر ہائر ایجوکیشن پنجاب انفارمیشن و ٹیکنالوجی بورڈ*
6۔	جناب عمار یاسر	:	وزیر کانکنی ومعدنیات
7۔	جناب محمد اخلاق	:	وزیر خصوصی تعلیم
8۔	جناب محمد رضوان	:	وزیر تحفظ ماحول
9۔	سید سعید الحسن	:	وزیر اوقاف و مذہبی امور
10۔	جناب عنصر مجید خان نیازی	:	وزیر محنت و انسانی وسائل
11۔	جناب محمد اجمل	:	وزیر چیف منسٹر انسپکشن ٹیم
12۔	چودھری ظہیر الدین	:	وزیر پبلک پراسیکیوشن
13۔	جناب ممتاز احمد	:	وزیر آبکاری، محصولات ونارکوٹکس کنٹرول
14۔	محترمہ آشفہ ریاض	:	وزیر ترقی خواتین
15۔	جناب محمد تیمور خان	:	وزیر امور نوجواناں، کھیلیں، آثار قدیمہ وسیاحت
16۔	مہر محمد اسلم	:	وزیر امداد باہمی
17۔	میاں خالد محمود	:	وزیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ
18۔	میاں محمد اسلم اقبال	:	وزیر صنعت، تجارت وسرمایہ کاری، اطلاعات وثقافت*
19۔	جناب مراد راس	:	وزیر سکولز ایجوکیشن
20۔	میاں محمود الرشید	:	وزیر ہاؤسنگ، شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ
21۔	ملک اسد علی	:	

387

22-	جناب محمد ہاشم ڈوگر	:	وزیر بہبود آبادی
23-	سردار محمد آصف نکئی	:	وزیر مواصلات و تعمیرات
24-	سید صمصام علی شاہ بخاری	:	وزیر اشتمال املاک
25-	ملک نعمان احمد لنگڑیال	:	وزیر زراعت
26-	سید حسین جہانیاں گردیزی	:	وزیر مینجمنٹ و پروفیشنل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ
27-	جناب محمد اختر	:	وزیر توانائی
28-	جناب زوار حسین وڑائچ	:	وزیر جیل خانہ جات
29-	جناب محمد جہانزیب خان کھچی	:	وزیر ٹرانسپورٹ
30-	جناب شوکت علی لالیکا	:	وزیر زکوٰۃ و عشر
31-	جناب سمیع اللہ چودھری	:	وزیر خوراک
32-	مخدوم ہاشم جواں بخت	:	وزیر خزانہ
33-	جناب محمد محسن لغاری	:	وزیر آبپاشی
34-	سردار حسنین بہادر	:	وزیر لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ
35-	محترمہ یاسمین راشد	:	وزیر پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کیئر / سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن
36-	جناب اعجاز مسیح	:	وزیر انسانی حقوق و اقلیتی امور

389

4۔ پارلیمانی سیکرٹریز

1۔	راجہ صغیر احمد	:	جیل خانہ جات
2۔	چودھری محمد عدنان	:	مال
3۔	جناب اعجاز خان	:	چیف منسٹر انسپکشن ٹیم
4۔	ملک تیمور مسعود	:	ہاؤسنگ، شہری ترقی و پبلک ہیلتھ انجینئرنگ
5۔	راجہ یاور کمال خان	:	سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن
6۔	جناب سلیم سرور جوڑا	:	سماجی بہبود
7۔	میاں محمد اختر حیات	:	داخلہ
8۔	چودھری لیاقت علی	:	صعنت، تجارت و سرمایہ کاری
9۔	جناب ساجد احمد خان	:	سکولز ایجوکشن
10۔	جناب محمد مامون تارڑ	:	سیاحت
11۔	چودھری فیصل فاروق چیمہ	:	آبکاری، محصولات و نارکوٹکس کنٹرول
12۔	جناب فتح خالق	:	سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن
13۔	جناب احمد خان	:	لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ
14۔	جناب تیمور علی لالی	:	اوقاف و مذہبی امور
15۔	جناب عادل پرویز	:	تحفظ ماحول
16۔	جناب شکیل شاہد	:	محنت
17۔	جناب غضنفر عباس شاہ	:	کالونیز
18۔	جناب شہباز احمد	:	لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ

390

19-	جناب عمر آفتاب	:	منصوبہ بندی وترقیات
20-	جناب نذیر احمد چوہان	:	
21-	جناب محمد امین ذوالقرنین	:	امداد باہمی
22-	جناب احمد شاہ کھگہ	:	توانائی
23-	سید عباس علی شاہ	:	قانون وپارلیمانی امور
24-	جناب محمد ندیم قریشی	:	اطلاعات وثقافت
25-	میاں طارق عبداللہ	:	ٹرانسپورٹ
26-	جناب نذیر احمد خان	:	خصوصی تعلیم
27-	رائے ظہور احمد	:	خوراک
28-	سید افتخار حسن	:	مینجمنٹ وپروفیشنل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ
29-	جناب محمد عامر نواز خان	:	کانکنی ومعدنیات
30-	جناب محمد شفیق	:	زکوٰۃ وعُشر
31-	جناب محمد سبطین رضا	:	ہائر ایجوکیشن
32-	جناب محمد رضا حسین بخاری	:	جنگلات، جنگلی حیات وماہی پروری
33-	جناب محمد عون حمید	:	خواندگی
34-	جناب محمد اشرف خان رند	:	آبپاشی
35-	جناب شہاب الدین خان	:	مواصلات وتعمیرات
36-	جناب محمد طاہر	:	زراعت
37-	سردار محمد محی الدین خان کھوسہ	:	خزانہ
38-	جناب مہندرپال سنگھ	:	انسانی حقوق

391

ایڈووکیٹ جنرل

سردار احمد جمال سکھیرا

ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی : جناب محمد خان بھٹی

ڈائریکٹر جنرل (پارلیمانی امور اینڈ ریسرچ) : جناب عنایت اللہ لک

393

صوبائی اسمبلی پنجاب

سترہویں اسمبلی کا پندرھواں اجلاس

جمعتہ المبارک،11۔اکتوبر2019

(یوم الجمع،11۔صفر المظفر1441ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں صبح11بج کر18منٹ پر زیر صدارت جناب ڈپٹی سپیکر سردار دوست محمد مزاری منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری رمضان قادر نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم o

بسم اللہ الرحمن الرحیم o

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿14﴾ وَذَكَرَ اسْمَ
رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿15﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿16﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ
اَبْقٰى ﴿17﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿18﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿19﴾

سُوْرَةُ الأعلی آیات14تا19

بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا(14)اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا(15)مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو(16)حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے(17)یہی بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے(18)(یعنی)ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں(19)

وما علینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ الحاج حافظ مرغوب احمد ہمدانی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

اِکّو ای حیاتی دا معیار ہونا چاہی دا
اللہ دے حبیبؐ نال پیار ہونا چاہی دا
حضرت صدیقؓ نے اے دسیا اے دوستو
سب کچھ سوہنے توں نثار ہونا چاہی دا
حسنؓ حسینؓ توں جند جان وار کے
علیؓ دے غلاماں وچ شمار ہونا چاہی دا
آقا جدوں یاد کرو اپنے غلاماں نوں
ساڈا وی غلاماں وچ شمار ہونا چاہی دا

جناب ڈپٹی سپیکر: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں سیکرٹری اسمبلی سے کہوں گا کہ وہ پینل آف چیئرمین کا اعلان کریں۔

چیئرمینوں کا پینل

سیکرٹری اسمبلی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 13 کے تحت جناب سپیکر نے اسمبلی کے موجودہ اجلاس کے لئے مندرجہ ذیل ترتیب سے چار معزز ممبران پر مشتمل پینل آف چیئرمین نامزد فرمایا ہے:

(1)	میاں شفیع محمد، ایم پی اے	پی پی۔258
(2)	جناب محمد عبداللہ وڑائچ، ایم پی اے	پی پی۔29
(3)	سردار محمد اویس دریشک، ایم پی اے	پی پی۔296
(4)	جناب کاشف محمود، ایم پی اے	پی پی۔241

شکریہ

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

تعزیت

سابقہ معزز ممبران رانا محمد افضل (مرحوم)، محترمہ ثانیہ عاشق کے والد ملک اللہ بخش (مرحوم) اور زلزلہ میں شہید ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! معزز ممبر رانا محمد افضل سابقہ ایم پی اے وفات پا گئے ہیں اور محترمہ ثانیہ عاشق، ایم پی اے کے والد صاحب بھی فوت ہو گئے ہیں لہٰذا میری گزارش ہے کہ ان کے لئے دعائے مغفرت کرائی جائے۔

وزیر توانائی (جناب محمد اختر): جناب سپیکر! سابقہ ایم پی اے ملک اللہ بخش وفات پا گئے ہیں ان کے لئے اور زلزلہ کی وجہ سے شہید ہونے والوں کے لئے بھی دعائے مغفرت کروائی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بالکل سب کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

(اس مرحلہ پر مرحومین اور زلزلہ میں شہید ہونے والوں
کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

پوائنٹ آف آرڈر

وزیر پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کیئر / سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن (محترمہ یاسمین راشد): جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحبہ!

کینسر کے مریضوں کو دوائی فراہم کرنے کا مطالبہ

(---جاری)

وزیر پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کیئر / سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن (محترمہ یاسمین راشد): جناب سپیکر! پچھلی دفعہ اسمبلی کے اجلاس میں میرے فاضل بھائی سید حسن مرتضیٰ نے پوائنٹ آؤٹ کیا تھا کہ Acute Myeliod Leukemia کی میڈیسن discontinue ہونے کی وجہ سے چار لوگوں کا انتقال ہوا ہے۔ انہوں نے اس بارے میں انوسٹی گیشن کرنے کے لئے کہا تھا۔

جناب سپیکر! میں اس حوالے سے انوسٹی گیشن کر کے اپنی رپورٹ جناب کو submit کر چکی ہوں۔ سب سے بڑی یہ بات ہے کہ Novartis company نے discontinuation کی تھی جبکہ ہماری طرف سے After being given a warning the contract was continuing. Medicine has already been started. اور کسی بندے کا انتقال نہیں ہوا۔ جن مریضوں کو Novartis کی طرف سے دوائی مل رہی تھی ہم نے ان کے بارے میں باقاعدہ investigate کیا ہے کہ کسی مریض کا انتقال نہیں ہوا۔

جناب سپیکر! میں چاہتی ہوں کہ یہ بات expunge ہو جائے۔ No body died because the medicine was not available.

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحبہ نے جس کارروائی کو expunge کرنے کے لئے کہا ہے وہ expunge کر دی جائے۔ جی، جناب خلیل طاہر سندھو!

خیبر پختونخوا حکومت کا یو سی ایچ پشاور کی اراضی کو تحویل میں لینا

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! میں انتہائی ادب اور احترام کے ساتھ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان بھر سے چرچ کے dominations کے leaders آئے ہوئے ہیں جو اندر بھی بیٹھے ہیں اور باہر بھی بیٹھے ہیں۔ پاکستان میں اس وقت minorities کے ساتھ جتنا ظلم ہو رہا ہے اس کی کہیں مثال نہیں ملتی اور یہ بات میں نہیں کہہ رہا بلکہ پاکستان تحریک انصاف کے minorities کے اپنے ایم این ایز / ایم پی ایز کہہ رہے ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبر نے جناب ڈپٹی سپیکر
اور وزیر قانون و پارلیمانی امور کو letter کی کاپی بھجوائی)

جناب سپیکر! مجھے پتا نہیں ہے کہ منسٹر صاحبہ کو پتا ہے یا نہیں کہ UCH ہسپتال چرچ کی land ہے اور اتھارٹی یہ ہے کہ communal property sale ہو سکتی ہے، lease ہو سکتی ہے، ٹرانسفر ہو سکتی ہے اور نہ ہی کوئی اس کی خرید و فروخت کر سکتا ہے اور اگر کوئی خرید و فروخت کرے گا تو آرٹیکل۔7 کے تحت خریدنے والے اور بیچنے والے دونوں کو سات سال کی سزا ہو گی۔ UCH کے باہر بھی میڈیکل سٹور بن گئے ہیں اور پیچھے collection centre بن گیا ہے اس سے بڑی بے انصافی کیا ہو سکتی ہے؟

جناب سپیکر! آج کی بات یہ ہے کہ پشاور میں ڈی سی کنگ ایڈورڈ صاحب نے ایک کالج بنایا اور پاکستان تحریک انصاف کے ممبران خود اس letter میں لکھ رہے ہیں کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے زیادتی کرتے ہوئے ہمارا وہ کالج اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا (2)12 کے تحت خود پارٹی بنے ہیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان PLD SC 1984 372 کے تحت پراپرٹی کبھی نیشنلائز نہیں ہو سکتی جبکہ administration نیشنلائز ہو سکتی ہے۔ جناب ذوالفقار علی بھٹو نے بھی یہ ادارے قومیائے تھے تو خیبر پختونخوا کے اداروں کو نہیں قومیایا گیا تھا۔ آج میں پاکستان تحریک انصاف کے minorities کے معزز ممبران کا شکر گزار ہوں کہ

انہوں نے خود letter لکھا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہمارے ساتھ ناانصافی کر رہی ہے بلکہ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اس سے کشمیر کاز کو بھی نقصان پہنچے گا جو کہ وہ درست کہہ رہے ہیں تو میری آپ سے اور تحریک انصاف کے معزز ممبران سے بھی گزارش ہے کہ خدا کے لئے minorities کے ساتھ یہ ظلم نہ کریں، یہ ظلم نہ کریں ورنہ یہ ایسا ظلم بڑھے گا کہ پوری دنیا میں آپ کا GSP plus status ختم ہو جائے گا اور اس کے ساتھ ساتھ بہت سارے انٹرنیشنل provenance پر بھی effect پڑے گا۔

جناب سپیکر! میں اس حوالے سے ایک قرارداد بھی لاؤں گا۔ سب سے پہلے میاں محمد نواز شریف نے 1988 میں یہ ادارے واپس کئے تھے اور اب ہم نہیں چاہتے کہ ہم اپنے گندے کپڑے اس طرح سے دھوئیں لیکن وزیر اعظم پاکستان جناب عمران خان کہتے ہیں کہ اقلیتوں کو equal rights حاصل ہیں۔

> There are no equal rights. According to Article 41, we can't be the President of the country; Article 91(3) of Constitution of Pakistan we can't be the Prime Minister of the country

اور اُس سے بڑھ کر ہماری شناخت یہ ہے کہ اُس ادارے میں 95 فیصد مسلمان بچے پڑھتے ہیں تو آپ سے میری humble submission ہے کہ یہ ہمارے ادارے واپس کئے جائیں۔ جس طرح پاکستان تحریک انصاف کے معزز ممبران نے کہا ہے کہ ہم resign دیتے ہیں تو ہماری پارٹی جس طرح ہمیں کہے گی ہم بھی وہی کریں گے لیکن ہمارے یہ ادارے واپس کئے جائیں۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر قانون!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! معزز ممبر نے جن خدشات کا اظہار کیا ہے اور مجھے جو letter بھجوایا ہے اس کے مطابق یہ issue basically KPK Government. کو pertain کرتا ہے اور وہ بھی ایک stay order سے متعلق ہے جو کہ miss reprsentation کر کے خیبر پختونخوا ہائی کورٹ سے کوئی stay order

حاصل کیا گیا ہے لیکن جو چیزیں پنجاب سے متعلقہ ہیں میں معزز ممبر کے ساتھ بیٹھ جاؤں گا پنجاب سے متعلقہ اگر ان کے کوئی خدشات ہیں تو مجھے بتائیں ہم انشاء اللہ تعالیٰ اُن کو دُور کرنے کی کوشش کریں گے۔ جہاں تک اس مسئلہ کا تعلق ہے تو انہوں نے مجھے ایک مراسلہ دیا ہے اس میں پاکستان تحریک انصاف کے minorities کے جتنے بھی معزز ممبران ہیں انہوں نے اس کو already sign کیا ہوا ہے اور وفاقی حکومت میں ہم ان کی آواز کے ساتھ آواز already ملا چکے ہیں۔ یہاں کا اگر کوئی مسئلہ ہو گا ہم اُس کو بھی انشاء اللہ تعالیٰ حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! میں ایک قرارداد لے آؤں گا اور یہ پورا ایوان میری قرارداد کے حق میں ووٹ دے گا تاکہ ہماری شناخت ہم سے نہ چھینی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بالکل ٹھیک ہے۔

سوالات

(محکمہ خوراک)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: اب وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں۔ آج محکمہ خوراک کے سوالات پوچھے جائیں گے اور اُن کے جوابات دیئے جائیں گے۔ پہلا سوال نمبر 1334 چودھری اشرف علی کا ہے۔۔۔ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد ارشد ملک کا ہے۔ جی، سوال نمبر بولیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 1421 ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قیام اور ضلعی سطح پر دفاتر سے متعلقہ تفصیلات

*1421: **جناب محمد ارشد ملک:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی کب معرض وجود میں آئی اس کے اغراض و مقاصد کیا تھے SOP بابت جرمانہ اورsealing کیا ہیں؟

(ب) ہیڈ کوارٹر سمیت صوبہ بھر میں اس کے کتنے دفاتر ہیں ضلع وار آگاہ کریں ان میں تعینات افسران اور ملازمین کے زیر استعمال گاڑیوں کی تفصیل بتائیں؟

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے لئے مختص بجٹ بابت مالی سال18-2017 اور19-2018 بتائیں اس عرصہ کے دوران اس کے مکمل اخراجات اور آمدن مدوار سے آگاہ فرمائیں؟

(د) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے کتنے ملازمین / افسران عملہ ریگولر، کنٹریکٹ / ڈیلی ویجز پر ہیں اور کتنے deputation پر ہیں ان کی عرصہ تعیناتی و تکمیل کی تفصیل سے آگاہ کریں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد):

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی ضلع لاہور میں مورخہ 2۔جولائی2012 کو پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 کے تحت معرض وجود میں آئی بعد ازاں مورخہ 18۔جولائی2017 کے نوٹیفکیشن کے بعد پنجاب فوڈ اتھارٹی کا دائرہ اختیار صوبہ بھر میں ہے۔پنجاب فوڈ اتھارٹی کا بنیادی مقصد عام لوگوں تک صاف ستھری، معیاری، صحت مند اور ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔اس ضمن میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صوبہ بھر میں ملاوٹ مافیا اور خوراک کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف اپنا گھیرا تنگ کئے ہوئے ہے تاکہ لوگوں تک صاف اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

فوڈ آپریٹرز کو پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 کے تحت ان کے جرم کے مطابق سزا اور جرمانہ کیا جاتا ہے۔پنجاب فوڈ اتھارٹی "سیلنگ اینڈ ڈی سیلنگ آف فوڈ بزنس پریمسز ریگولیشنز2016 کے تحت ملاوٹ کرنے والوں احاطوں اور دیگر ناقص خوراک تیار کرنے و فروخت کرنے والے احاطوں کو سیل اور ڈی سیل کرتی ہے۔ریگولیشنز ضمنی نمبر(1) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ہیڈ کوارٹر سمیت صوبہ بھر میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کے 36 دفاتر موجود ہیں جن کی تفصیل ضمنی نمبر (2)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے اور ان دفاتر میں تعینات افسران اور ملازمین کے زیر استعمال 211 گاڑیاں ہیں جن کی تفصیل ضمنی نمبر (3)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے لئے مختص بجٹ و اخراجات بابت مالی سال 18-2017اور 19-2018 بالترتیب ضمنی نمبر (4اور5)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے اور اس عرصہ کے دوران مد وار آمدن کی تفصیل ضمنی نمبر (6)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) پنجاب فوڈ اتھارٹی میں تاحال کوئی ملازم / افسر ریگولر نہ ہے۔پنجاب فوڈ اتھارٹی میں 1014 کنٹریکٹ ملازمین / افسران ہیں جن کی تفصیل ضمنی نمبر (7)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے اور 781 ڈیلی ویجز/contingent ملازمین ہیں جن کی تفصیل ضمنی نمبر (8)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔پنجاب فوڈ اتھارٹی میں 28 افسران / ملازمین deputation پر موجود ہیں جن کی تفصیل ضمنی نمبر (9)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! یہاں پر وزیر خوراک بھی نہیں ہیں اور سیکرٹری محکمہ خوراک بھی نہیں ہیں اور اس حوالے سے آپ کی direction بھی ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! سیکرٹری محکمہ خوراک out of country ہیں اور ایڈیشنل سیکرٹری لابی میں موجود ہیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! ابھی پانچ منٹ پہلے مجھے لسٹ موصول ہوئی ہے جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ 1014 افسران ہیں اور 781 contingent ملازمین ہیں اور ان میں سے کوئی بھی پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مستقل ملازم نہیں ہے تو ان ملازمین کا کیا مستقبل ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پارلیمانی سیکرٹری!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! پنجاب فوڈ اتھارٹی 2012 میں بنی ہے تب سے لے کر آج تک اس اتھارٹی میں کوئی بھی ملازم ریگولر basis پر appoint ہی نہیں کیا گیا۔ آنے والے وقت میں ان ملازمین کو ریگولر کرنے کے لئے حکومت اپنی پالیسی بنائے گی۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! پارلیمانی سیکرٹری time frame دے دیں کہ ان ملازمین کو کب تک ریگولر کر دیں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پارلیمانی سیکرٹری!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! ان ملازمین کو ریگولر کرنے کے حوالے سے حکومت جلد ہی اپنی پالیسی بنائے گی۔ 2012 کو جب یہ ادارہ بنا تھا تب حکومت کو اس ادارہ کے ملازمین کا مستقبل سوچنا چاہئے تھا۔ جناب محمد ارشد ملک میرے بھائی ہیں اب انہیں بڑی جلدی ہے ہم انشاءاللہ کوشش کریں گے کہ ان ملازمین کو ریگولر کیا جائے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! پارلیمانی سیکرٹری کی مہربانی ہے لیکن مجھے اتنی جلدی نہیں جتنی اُن ملازمین کو اپنے مستقبل کے حوالے سے بے چینی ہے۔ ہر ملازم اپنا مستقبل دیکھتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ اُس کے بچوں کا کل اُس سے وابستہ ہے تو پارلیمانی سیکرٹری کوئی time frame بتا دیں؟

جناب سپیکر! پارلیمانی سیکرٹری سے میرا ضمنی سوال ہے کہ یہ جو samples collect کرتے ہیں اُس کا کیا طریق کار ہے اور ان کے پاس اس وقت پنجاب میں کتنی labs ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پارلیمانی سیکرٹری!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! اتھارٹی کی اپنی lab بھی ہے اس کے علاوہ قرشی والوں کی لیب سے بھی یہ sampling کراتے ہیں۔ اگر کوئی چاہے تو ادھر سے ہو سکتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کیا پورے پنجاب میں ایک ہی lab ہے؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک(رائے ظہور احمد): جناب سپیکر!پنجاب میںPCSIR بھی ہے ادھر سے بھی یہsampling کراتے ہیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر!میں آپ کے توسط سے عرض کرتا ہوں کہ36اضلاع ہیں اور ان کے پاس ایک ہیlab ہے۔ یہ جس رفتار سے جرمانے کر رہے ہیں اورsample اکٹھے کر رہے ہیں تو پھر ان لوگوں کا مستقبل کیا ہے؟ یہ جسpremisesمیں جرمانہ کرنے جاتے ہیں اور وہاں سے جوsample collect کرتے ہیں تو اس کی دو دو ماہ رپورٹ نہیں آتی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک!اس طرح کی کئی جگہوں سے شکایت آئی ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر!میں آپ کو مزید آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے بھی ایک سوال take up ہوا تھا تو جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی نے اس سوال کو سٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کیا تھا۔ آج تک اس کی میٹنگ نہیں ہو سکی۔ آپ مہربانی فرمائیں کیونکہ پنجاب کے عوام اور کاروباری لوگوں کے متعلق یہ سوال ہے جو کروڑوں اربوں روپے کی انوسٹمنٹ کرتے ہیں۔ ان کا ایک ملازم جاتا ہے اورsample لے لیتا ہے جس کی دو دو ماہ رپورٹ نہیں آتی۔ وہ premisesدو دو ماہ کے لئے sealہو جاتے ہیں جس سے ان کا نقصان ہوتا ہے۔

جناب سپیکر!یہ بتائیں کہ اس پر یہ کب تک عمل کریں گے اور عوام کے لئے کب تک یہ سہولت فراہم کرنا چاہتے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک!کیا آپ نئیlabs کی بات کر رہے ہیں؟

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر!جی، میں نئیlabs کی بات کر رہا ہوں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک(رائے ظہور احمد): جناب سپیکر!ابھی تکsampling کی کوئیproblem نہیں آ رہی جس سے محکمہ کو بھی کوئیproblem ہو۔ جناب محمد ارشد ملک جو فرما رہے ہیں کہ دو دو ماہ انتظار کرنا پڑتا ہے تو ایسا کوئی مسئلہ درپیش نہیں آ رہا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک!اگلا سوال بھی آپ کا ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میں ان کے جواب سے بالکل مطمئن نہیں ہوں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ میرے سوال سے متعلق انہوں نے relevant جواب دیا ہے تو میں بیٹھ جاتا ہوں۔ آپ مہربانی فرمائیں اور اس سوال کو بھی کمیٹی کو بھیج دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا جو سوال refer ہوا ہے اس کی تفصیل دیکھ لیتے ہیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! اس سوال کو بھی اسی کمیٹی میں بھیج دیں۔ میرے پاس پورا مواد موجود ہے کہ دو دو ماہ وہ premises seal رہتے ہیں اور لوگوں کا نقصان ہوتا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری کا انتہائی غیر ذمہ دارانہ جواب ہے کہ ان کے پاس ایک بھی رپورٹ نہیں آئی۔ کیا انہوں نے کسی سے رپورٹ لی ہے جو ان کو پتا ہو گا؟

جناب سپیکر! میں ذمہ داری سے کہتا ہوں کہ پورے پنجاب میں سکول ایجوکیشن اور ہیلتھ کے بعد کوئی مسئلہ ہے تو اس وقت وہ فوڈ اتھارٹی کا مسئلہ ہے۔ یہ جاتے ہیں جرمانہ کرتے ہیں لیکن ان کے پاس اپنی ایک lab بھی موجود نہیں ہے۔ آپ مہربانی کریں کیونکہ میرا یہ سوال پنجاب کے عوام سے متعلق ہے۔ آپ اس کو بھی اس کمیٹی کے سپرد کر دیں۔ اس کمیٹی کے پاس پہلے بھی میرا ہی سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ اس سوال کو اسی کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! بہت مہربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک! آپ کا اگلا سوال ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 1433 ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

محکمہ خوراک پنجاب کی طرف سے

گندم کی خرید و ترسیل و باردانہ سے متعلقہ تفصیلات

*1433: **جناب محمد ارشد ملک:** کیا وزیر خوراک از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) سکیم 2018 میں محکمہ خوراک پنجاب نے کتنی گندم کس ریٹ پر کسانوں، زمینداروں و آڑھتیوں سے خرید کی اور کتنا ذخیرہ گوداموں میں اور کتنا اوپن سٹاک کیا اور کتنی رقم کس ٹیکس اور کن شرائط و شرح سود پر حاصل کی؟

(ب) اس وقت محکمہ خوراک کے گوداموں میں کتنی گندم محفوظ ہے اس میں کتنی خراب اور کتنی درست حالت میں ہے، کیا مارچ 2019 تک نئی فصل آنے سے پہلے گودام خالی ہو جائیں گے؟

(ج) سال 18-2017 میں گندم کی ترسیل پر کتنے اخراجات آئے اور کیا مزید سٹاک گودام کی ترسیل کر کے گوداموں کو خالی کر کے آنے والی فصل کے لئے گنجائش ذخیرہ کیا جا سکتا ہے؟

(د) سکیم 2018 میں کتنا باردانہ کس قیمت، شرائط و ضوابط پر خریدا اور مزید سکیم 2019 کے لئے حکومت کتنا باردانہ خرید کرنے کا ارادہ رکھتی ہے نیز کسانوں / زمینداروں کو بہترین سہولیات دینے کے لئے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے، تفصیل سے آگاہ کریں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد):

(الف) سکیم 2018 میں محکمہ خوراک پنجاب نے مبلغ -/1300 روپے فی 40 کلو گرام کے حساب سے کسانوں سے گندم خرید کی علاوہ ازیں -/9 روپے ڈیلوری چارجز فی 100 کلو گرام بھی کسانوں کو ادا کئے گئے نیز آڑھتیوں سے گندم کی خریداری نہ کی گئی تھی گندم کی ذخیرہ کاری حسب ذیل طرز پر کی گئی ہے۔

(1) گوداموں میں =9,61,376 میٹرک ٹن۔

(2) اوپن سٹاک میں =6,00,373 میٹرک ٹن۔

سکیم 2018 میں گندم کی خریداری پر مبلغ 118.087۔ارب روپے خرچ ہوئے تھے یہ رقم 6.66 فیصد شرح سود پر حاصل کی گئی تھی جس کی شرائط حسب ذیل ہیں:

1. محکمہ سود کے علاوہ بنکوں کو 8/3 فیصد کے حساب سے کمیشن ادا کرے گا۔
2. محکمہ Cash Credit Limit سٹیٹ بنک سے منظور کروانے کا ذمہ دار ہو گا۔
3. محکمہ حکومت پاکستان کی گارنٹی اور Hypothecation of Wheat Stocks بطور سکیورٹی جاری کروانے کا پابند ہو گا۔
4. سود کی ادائیگی سہ ماہی کی بنیاد پر ادا کی جائے گی نیز محکمہ بنکوں کو اگلی سہ ماہی میں اکیس یوم کے دورانیہ میں ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

(ب) اس وقت محکمہ خوراک کے گوداموں میں 9,61,376 میٹرک ٹن گندم موجود ہے جبکہ 6,00,373 میٹرک ٹن گندم کھلے آسمان تلے گنجیوں کی شکل میں ذخیرہ ہے اور تمام گندم تسلی بخش حالت میں ہے اور کسی طرح کے خراب ہونے کا احتمال نہ ہے اپریل 2019 کے آخر تک گوداموں کے خالی ہونے کی توقع نہ ہے کیونکہ گندم کا اجراء روک دیا گیا ہے۔

(ج) سال 18-2017 میں گندم کی ترسیل پر آنے والے اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے:

2017 میں مبلغ = 1,951,993,411 روپے

2018 میں مبلغ = 1,443,294,600 روپے

اجراء گندم خریداری سکیم 20-2019 کے پیشِ نظر روک دیا گیا ہے لہٰذا مزید گودام خالی ہونے کے امکانات مسدود ہیں۔

(د) نظامتِ خوراک پنجاب نے 19-2018 کی خریداری گندم کے لئے تعدادی 40,00,000 میٹرک ٹن باردانہ خرید کیا تھا۔ پٹ سن بوری بحساب 152.50 روپے اور پولی پراپلین بوری 36.65 روپے کے حساب سے خرید کی گئی تھی۔ سکیم 20-2019 کے تحت تقریباً 43,00,000 میٹرک ٹن گندم کی خریداری کے لئے باردانہ کی طلب کی گئی ہے۔

کسانوں، زمینداروں سے خریداری گندم کے لئے 382 خریداری مراکز قائم کئے گئے ہیں، کسانوں کے بیٹھنے کے لئے باقاعدہ شامیانے، کرسیاں، ٹھنڈا پانی اور شربت وغیرہ کی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ مزید برآں باردانہ کے حصول کے لئے پنجاب لینڈ ریکارڈ

اتھارٹی اور PITB سے تصدیق شدہ گرداوری کے حامل کاشتکاران کو باردانہ کا اجراء کیا جارہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میں نے اپنے سوال میں پوچھا تھا کہ اس وقت محکمہ خوراک کے گوداموں میں کتنی گندم محفوظ ہے اس میں کتنی خراب اور کتنی درست حالت میں ہے، کیا مارچ2019 تک نئی فصل آنے سے پہلے گودام خالی ہو جائیں گے۔ انہوں نے اس کا جواب دیا ہے کہ 18-2017 کی سکیم ہے یعنی آج سے تین سال پہلے کی سکیم ہے اس میں 20ہزار میٹرک ٹن گندم موجود ہے۔ اسی طرح 19-2018 میں ان کے پاس 9لاکھ 54ہزار 238 میٹرک ٹن گندم موجود ہے۔ انہوں نے جو سرٹیفکیٹ دیا ہے کہ آسمان تلے گنجیوں کی شکل میں جو گندم ذخیرہ ہے اور تمام گندم تسلی بخش حالت میں ہے اور کسی طرح کے خراب ہونے کا احتمال نہ ہے۔

جناب سپیکر! میں on the floor of the House ان کے جواب کو challenge کرتا ہوں اور میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ 20ہزار میٹرک ٹن گندم جو گوداموں میں تین سال سے پڑی ہوئی ہے اس پر سُسری لگ چکی ہے۔ وہ گندم انتہائی ناقص حالت میں موجود ہے۔ اس کے لئے یہ کیا کرنے جارہے ہیں، کیا یہ اس گندم کو ملوں کو issue کرنے جارہے ہیں یا نہیں اس کے لئے حکومت کو اتنا سود بھی برداشت کرنا پڑرہا ہے تو ان کی اس پر کیا پالیسی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پارلیمانی سیکرٹری!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! جناب محمد ارشد ملک سے گزارش ہے کہ اپنا سوال پڑھ لیں۔ انہوں نے 2018 کا ہی پوچھا ہے۔ 2018 میں اتنی گندم گوداموں میں تھی جتنی ان کو بتائی گئی ہے۔ اس وقت کی گندم کا انہوں نے نہیں پوچھا۔ اگر انہوں نے پوچھنا ہے تو دوبارہ بتادیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! اگر آپ اجازت دیں تو میں پارلیمانی سیکرٹری کو پڑھ کر بتا دوں کہ میں نے کیا سوال کیا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ پڑھ دیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! اگر ان کو عینک کی ضرورت ہے تو میں ان کو دوسرے نمبر کی عینک پیش کر دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ عینک کو چھوڑیں اور اپنی بات کریں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! جز(ج) میں 18-2017 کے بارے میں پوچھا گیا ہے۔ میں اس کے علاوہ کیا لکھوں؟ انہوں نے 18-2017 کے حوالے سے جواب بھی دیا ہے۔ اب میں انہیں اور کیا لکھ کر دوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پارلیمانی سیکرٹری!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! یہ تو سوال کا جواب خود ہی دے رہے تھے۔ جناب محمد ارشد ملک! اپنا سوال کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب محمد ارشد ملک! آپ مختصر سوال کریں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میں نے اپنے سوال کے جز(ب) میں پوچھا تھا کہ اس وقت محکمہ خوراک کے گوداموں میں کتنی گندم محفوظ ہے اس میں کتنی خراب اور کتنی درست حالت میں ہے، کیا مارچ 2019 تک نئی فصل آنے سے پہلے گودام خالی ہو جائیں گے۔ اس کے ساتھ جز(ج) کو بھی ملا لیں تا کہ انہیں آسانی ہو جائے کیونکہ انہیں 2017 کا بڑا خیال ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں۔ پہلے ایک سوال کا جواب دے دیں اس کے بعد دوسرے سوال کا جواب لے لیں گے۔

جناب محمد ارشد ملک: جی، ٹھیک ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! جہاں تک ان کا سوال ہے کہ گودام کب تک خالی ہو جائیں گے تو گودام تو کبھی بھی خالی نہیں ہوتے، نہ ہی کرنے چاہئیں اور نہ ہی حکومت کر سکتی ہے کیونکہ سکیورٹی کے لئے بھی گندم کو رکھنا ہوتا ہے جو بنک کو گندم گروی رکھی

ہوتی ہے ان کو بھی سکیورٹی دینی ہوتی ہے۔ آئندہ کی ضروریات پوری کرنے کے لئے بھی رکھنی ہوتی ہے۔

جناب سپیکر! اس کے علاوہ اس وقت کے سٹاک کے بارے میں میرے بھائی پوچھ رہے ہیں کہ یہ 23لاکھ 22ہزار گوداموں میں اور 18ہزار میٹرک ٹنopen stockموجود ہے لیکن جب معزز ممبر نے سوال کیا تھا اس وقت اتنا ہی سٹاک تھا کیونکہ انہوں نے سوال کئے ہوئے کافی دیر ہو چکی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب محمد ارشد ملک! انہوں نے تفصیلی جواب دے دیا ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! انہوں نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا اور انہوں نے جو بتایا ہے وہ میرے سوال سےrelatedنہیں ہے۔ اگر آپ پارلیمانی سیکرٹری کے جواب سے مطمئن ہیں تو ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک! آپ اپنا آخری ضمنی سوال کرلیں کیونکہ انہوں نے جواب دے تو دیا ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میں نے سوال یہ پوچھا تھا کہ انہوں نے 2017-18 کے حوالے سے بتایا ہے جبکہ میں نے پوچھا ہے کہ کتنی گندم درست حالت میں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک! پارلیمانی سیکرٹری نے آپ کو اس کا جواب تو دے دیا ہے کہ کتنی درست حالت میں ہے۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سےon the floor of the House ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ یہ جو 20ہزار 979 میٹرک ٹن گندم موجود ہے یہ گندم تین سال سے پڑی ہوئی ہے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ گندم صحیح حالت میں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک! چلیں، آپ اس حوالے سے کوئی ریکارڈ پیش کر دیں۔

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! آپ اس حوالے سے کوئی کمیٹی بنا کر بھیجیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک! کیا آپ کے ہر سوال پر میں کمیٹی بنادوں؟

جناب محمد ارشد ملک: جناب سپیکر! نہیں، نہیں آپ اس ہاؤس میں سے ہی کمیٹی بنادیں اور اس معاملے کو اس کے سپرد کر دیں کہ وہ کمیٹی جا کر سٹاک دیکھے کہ اس سٹاک کی حالت کتنی خراب ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد ارشد ملک! چلیں، اب آپ تشریف رکھیں۔ وقفہ سوالات ختم ہوتا ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خوراک (رائے ظہور احمد): جناب سپیکر! میں بقیہ سوالات اور ان کے جوابات ایوان کی میز پر رکھتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بقیہ سوالات اور ان کے جوابات ایوان کی میز پر رکھ دیئے گئے ہیں۔

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

(جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

گوجرانوالہ: فوڈ سیفٹی ٹیم کا غیر معیاری کھانوں کی دکانوں کے خلاف کارروائی سے متعلقہ تفصیلات

*1334: **چودھری اشرف علی:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی گوجرانوالہ میں فوڈ سیفٹی و ڈیری سیفٹی کی کتنی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور یہ کن کن ماہرین، افسران و اہلکاران پر مشتمل ہیں؟

(ب) فوڈ سیفٹی ٹیم گوجرانوالہ نے جنوری 2018 سے آج تک کن کن ہوٹلوں، بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کے خلاف غیر معیاری اور ناقص کھانے، بیکری آئٹمز اور مٹھائی فروخت کرنے پر کیا قانونی کارروائی کی، تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی گوجرانوالہ کی ڈیری سیفٹی ٹیم نے شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر جنوری 2018 سے آج تک کتنے گوالوں کو کتنی مرتبہ چیک کیا غیر معیاری، ناقص اور ملاوٹ شدہ دودھ پر کتنے گوالوں کے خلاف کیا قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی؟

(د) ڈیری سیفٹی گوجرانوالہ کے پاس دودھ کی کوالٹی چیک کرنے کے لئے کتنی ملک اڈلٹریشن کٹ اور DR Food Lab Milk Analyzer موجود ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ضلع گوجرانوالہ میں پانچ فوڈ سیفٹی و ڈیری سیفٹی ٹیمیں تشکیل دی ہیں جو کہ ہمہ وقت شہریوں تک صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے کام کر رہی ہیں۔ فوڈ سیفٹی و ڈیری سیفٹی ٹیموں کے ماہرین، افسران و اہلکاران کی تفصیل ضمنی نمبر (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) جنوری 2018 سے اب تک پنجاب فوڈ اتھارٹی، گوجرانوالہ نے ہوٹلوں، بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 7190 احاطوں کا معائنہ کیا اور 5718 ہوٹلوں، بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے جبکہ

غیر معیاری اور ناقص کھانے، بیکری آئٹمز اور مٹھائی فروخت کرنے پر 191 احاطوں کو سر بمہر کیا، 646احاطوں کو بھاری جرمانے عائد کئے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث 34افراد کے خلاف FIR بھی درج کروائیں۔

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی گوجرانوالہ شہریوں کو خالص اور تازہ دودھ کی فراہمی کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے اور اس ضمن میں جنوری 2018 سے اب تک فوڈ سیفٹی وڈیری سیفٹی ٹیموں نے شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر ناکے لگا کر 1245 دودھ والی گاڑیوں میں موجود 392829 لیٹر دودھ چیک کیا اور 62795 لیٹر دودھ غیر معیاری وملاوٹ زدہ ہونے کی بناء پر تلف کیا گیا۔

(د) ہر فوڈ سیفٹی وڈیری سیفٹی ٹیم کے پاس دودھ کی کوالٹی چیک کرنے کے لئے ایک "ملک اڈلٹریشن کٹ" اور ایک DR Food Lab Milk Analyzer موجود ہوتی ہے۔

ضلع چنیوٹ میں مراکز خرید گندم، گودام سے متعلقہ تفصیلات

***1463: سید حسن مرتضیٰ:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع چنیوٹ میں مراکز خرید گندم کتنے کہاں کہاں قائم ہیں؟

(ب) اس ضلع میں گندم کے کتنے گودام کہاں کہاں ہیں؟

(ج) ان گوداموں میں کتنی گندم اس وقت پڑی ہوئی ہے یہ گندم کس کس سال کی خرید کردہ ہے؟

(د) اس ضلع میں کتنی گندم کھلے آسمان کے نیچے پڑی ہوئی ہے؟

(ہ) موجودہ سال 2019 میں کتنی گندم اس ضلع میں خرید کرنے کا حکومت ارادہ رکھتی ہے؟

(و) کیا اس گندم کی خرید سے قبل اس کے لئے انتظامات کئے جارہے ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) ضلع چنیوٹ میں کل پانچ گودام ہیں جس میں چنیوٹ کے علاوہ چک نمبر 11(ج،ب)، چناب نگر، لالیاں اور جامعہ آباد شامل ہیں۔

(ب)

i. خریداری مراکز چنیوٹ نزد ریلوے سٹیشن چنیوٹ

ii. خریداری مراکز چک نمبر 11ج ب ضلع چنیوٹ

iii. خریداری مراکز چناب نگر نزد ریلوے سٹیشن چناب نگر

iv. خریداری مراکز لالیاں نزد ریلوے سٹیشن لالیاں

v. خریداری مراکز جامعہ آباد جھنگ روڈ نزد رمضان شوگر ملز

(ج) ان گوداموں میں کل 10736.600 میٹرک ٹن گندم پڑی ہوئی ہے۔ یہ گندم سال 2018-19 کی خرید کردہ ہے۔

(د) 5004.400 میٹرک ٹن گندم (پندرہ) گنجیوں میں پڑی ہوئی ہے۔

(ہ) ضلع چنیوٹ میں محکمہ اس سال سکیم 2019-20 میں 64679 میٹرک ٹن گندم خرید کی جائے گی۔

(و) ضلع میں موجود تمام خریداری مراکز پر انتظامات مکمل کئے جا چکے ہیں۔

فیصل آباد میں گندم کے گودام ودیگر تفصیلات

***1465: جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد میں گندم کے کتنے گودام کہاں کہاں ہیں ان میں کتنی گندم اس وقت پڑی ہوئی ہے؟

(ب) یہ گندم کس کس سال کی خرید کردہ ہے اور کتنی گندم کھلے آسمان کے نیچے پڑی ہوئی ہے؟

(ج) سال 2019 میں محکمہ کتنی گندم اس ضلع میں خرید کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟

(د) اس ضلع میں کتنی گندم جو گوداموں میں پڑی ہوئی ہے وہ زائد المیعاد ہو چکی ہے نیز گندم کتنے سال تک محفوظ رکھی جا سکتی ہے؟

(ہ) محکمہ اس ضلع میں مزید کہاں کہاں گندم کے گودام بنانے کا ارادہ رکھتا ہے؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) ضلع فیصل آباد میں 16 گودام ہیں جس میں فیصل آباد شہر میں سیٹI،II،III،VI،V اورVI ہیں اور اس کے علاوہ دارالاحسان، سرشمیر روڈ، جڑانوالہ، بچیانہ، روڈالہ روڈ، جھوک دتہ، تاندلیانوالہ، کنجوانی، ماموں کانجن، سمندری میں واقع ہیں۔ اس وقت ضلع فیصل آباد میں73532.136 میٹرک ٹن گندم پڑی ہوئی ہے۔

(ب) یہ گندم سال18-2017اور19-2018کی خریدہ کردہ ہے۔ سکیم19-2018کے متعلقہ7296.300ٹن کھلے آسمان کے نیچے پڑی ہوئی ہے۔

(ج) ضلع فیصل آباد میں محکمہ امسال سکیم20-2019میں 144893.000 میٹرک ٹن گندم خریدنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

(د) ضلع فیصل آباد ذخیرہ شدہ گندم زائد المیعاد نہ ہے نیز گندم دو سے چار سال تک محفوظ ہو سکتی ہے۔

(ہ) ضلع فیصل آباد میں ضرورت کے مطابق گندم سٹاک کرنے کے لئے گوداموں کی تعداد کافی ہے اور محکمہ فی الوقت مزید گودام بنانے کا کوئی ارادہ نہ رکھتا ہے۔

انٹرنیشنل فوڈز چینز سے متعلقہ تفصیلات

*1508: **محترمہ راحیلہ نعیم**: کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ بات درست ہے کہ انٹرنیشنل فوڈ چینز صوبے میں کام کر رہی ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان فوڈز پوائنٹ پر من مانی قیمتیں وصول کی جارہی ہیں؟

(ج) کیا حکومت ان کو بھی ریگولر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) یہ بات درست ہے کہ صوبہ بھر میں میں انٹرنیشنل فوڈ چینز کام کر رہی ہیں۔ صوبہ بھر میں موجود انٹرنیشنل فوڈ چینز کو باقاعدگی سے چیک کرتی ہے تا کہ خوراک کے معیار کو بہتر سے بہتر بنایا جاسکے۔

(ب) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے دائرہ اختیار صرف اشیاء خورد ونوش کے معیار تک محدود ہے۔

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی سے متعلقہ نہ ہے۔

صوبہ بھر کے گوداموں میں
موجود گندم کی خرید و فروخت سے متعلقہ تفصیلات

*1551: **ملک محمد احمد خان:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ میں اس وقت کتنی گندم محکمہ ہذا کے گوداموں میں پڑی ہوئی ہے؟

(ب) ان گوداموں میں کس کس سال کی گندم پڑی ہوئی ہے۔

(ج) گندم کو خرید کرنے کے لئے محکمہ نے کتنا قرض کس کس بنک / ادارے سے حاصل کیا ہوا ہے اور اس پر ماہانہ کتنا مارک اپ محکمہ ادا کر رہا ہے۔

(د) حکومت صوبہ بھر میں زیادہ گندم جو گوداموں میں پڑی ہوئی ہے اس کی فروخت کے لئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے۔

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) صوبہ پنجاب میں اس وقت 12,02,640 میٹرک ٹن گندم گوداموں میں موجود ہے۔

(ب) گوداموں میں موجود گندم درج ذیل سکیموں کی ہے:

سکیم	مقدار میٹرک ٹن
2017-18	20,989
2018-19	9,54,238
2019-20	2,27,413
میزان	12,02,640

(ج) سکیم 19-2018 سے قبل محکمہ خوراک کے ذمہ 328.893۔ارب روپے بنکوں کے واجب الادا تھے جبکہ گندم خریداری سکیم 19-2018 کے لئے کاشتکاروں کو گندم کی قیمت ادا کرنے کے لئے 118.087۔ارب روپے مزید قرض لیا گیا اس طرح مورخہ یکم جولائی 2018 کو بنکوں کی واجب الادا رقم 496.988۔ارب روپے ہو گئی۔

یکم جولائی 2018 سے اب تک محکمہ نے 111.030-ارب روپے بنکوں کو قرض کی مد میں واپس کئے۔اس طرح خریداری گندم20-2019 سے قبل بنکوں کی قابل ادا رقم 335.950-ارب روپے ہے نیز محکمہ اوپن Bids کے ذریعے سہ ماہی کی بنیاد پر قرض حاصل کرتا ہے جس کے سود کی شرح وزیر اعلیٰ کی منظور کردہ کمیٹی طے کرتی ہے۔ محکمہ خوراک نے درج ذیل شرح سود پر قرض لیا۔

محکمہ خوراک نے اپریل تا جون 2018 شرح سود 6.66 فیصد، جولائی تا ستمبر 2018 شرح سود 7.75 فیصد، اکتوبر تا دسمبر 2018 شرح سود 10 فیصد، جنوری تا مارچ 2019 شرح سود 12.23 فیصد تھا۔

سٹیٹ بنک کی ہدایت کے مطابق محکمہ سال میں تین مرتبہ بنکوں کو سود ادا کرتا ہے سہ ماہی وار ادا کردہ سود / مارک اپ کی تفصیل درج ذیل ہے۔ بنک وار سہ ماہی وار قرض اور ادا کردہ سود کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) گوداموں میں ذخیرہ کردہ گندم بطورِ فوڈ سکیورٹی کے ہے۔ گندم کی نئی خریداری کے پیشِ نظر سرکاری گوداموں سے گندم کا اجراء روک دیا گیا ہے۔تاہم رمضان پیکج 20-2019 کے تحت فلور ملوں کو پرانی گندم کا اجراء کیا جارہا ہے اور ایک لاکھ ٹن گندم کی فروخت متوقع ہے۔

اوکاڑہ: پی پی۔184 میں ناقص دودھ اور اشیاء خوردونوش کی فروخت سے متعلقہ تفصیلات

*1621: **جناب منیب الحق**: کیاوزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یکم جولائی 2018 سے اب تک حلقہ پی پی۔184 اوکاڑہ میں ناقص دودھ اور دوسری اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والوں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ان کو کتنا جرمانہ کیا گیا اور کتنے لوگوں کو گرفتار کیا گیا اور جرمانے کی مد میں لی گئی رقم کی تفصیلات فراہم کریں؟

(ب) کیا حکومت دودھ میں ملاوٹ اور دوسری اشیاء میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف جرمانے کے علاوہ ان مالکان کے خلاف بھی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف،ب) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے تحصیل دیپالپور پی پی۔184، اوکاڑہ میں مضر صحت و غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار کرنے و فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے یکم جولائی 2018 سے اب تک 2965 احاطوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 2180 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے کی بناء پر 241 احاطوں کو -/1273000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ 61 کو سربمہر، 15 احاطوں کو ایمرجنسی پروہیبشن آرڈر جاری کئے اور جبکہ چھ افراد کے خلاف FIR درج کروائی گئی۔ مزید برآں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی و ڈیری سیفٹی ٹیموں نے تحصیل دیپالپور پی پی۔184 اوکاڑہ میں ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے یکم جولائی 2018 سے اب تک 152 دودھ کے احاطوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 101 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ فروخت کرنے پر تین احاطوں کو سربمہر، پانچ احاطوں کو 27000 روپے جرمانہ اور ایک فرد کے خلاف ایف آئی آر درج کروائی گئی جبکہ 850 لیٹر دودھ ملاوٹ زدہ و غیر معیاری ہونے کی وجہ سے موقع پر تلف کر دیا گیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی صوبہ بھر میں ملاوٹ مافیا اور غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے والوں کے گرد اپنا گھیرا تنگ کئے ہوئے ہے اور اپنا کام بڑی تندہی سے ادا کر رہی ہے تاکہ عام شہریوں تک صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی خوردونوش
کی چیکنگ اور ملاوٹ شدہ اشیاء سے متعلقہ تفصیلات

*1622: **چودھری افتخار حسین چھچھڑ:** کیا وزیر خوراک از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی مختلف اشیاء خوردونوش کی چیکنگ کرتی ہے جن میں دودھ اور کھانے پینے کی اشیاء شامل ہیں ملاوٹ شدہ اشیاء کو موقع پر ہی ضائع کر دیا جاتا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ دودھ تلف کر دیا جاتا ہے اور دودھ لے کر آنے والے اشخاص کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی وہی اشخاص دوسرے دن پھر ناقص دودھ لے کر آجاتے ہیں اگر جرمانے کے علاوہ ان اشخاص کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے اس کارروائی کی تفصیل فراہم کریں۔

(ج) یکم جولائی 2018 سے اب تک حلقہ پی پی۔185 اوکاڑہ میں کتنے ناقص دودھ اور دوسری اشیاء خوردونوش والوں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی کتنا جرمانہ کیا گیا کتنے لوگوں کو گرفتار کیا گیا اور جرمانے کی مد میں لی گئی رقم کی تفصیلات فراہم کریں؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت دودھ میں ملاوٹ اور دوسری اشیاء میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف جرمانے کے علاوہ ان کے مالکان کے خلاف بھی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو اگر ہاں تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) یہ بات درست ہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی مختلف اشیاء خوردونوش بشمول دودھ کی چیکنگ کرتی ہے اور بعد از ٹیسٹنگ ملاوٹ شدہ اشیاء کو موقع پر ہی ضائع کر دیا جاتا ہے۔

(ب) اس بات میں بالکل صداقت نہ ہے کہ دودھ لے کر آنے والے اشخاص کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی بلکہ دودھ میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دودھ والی گاڑیاں چیک کی جاتی ہیں اور بعد از ٹیسٹنگ دودھ ملاوٹ زدہ و غیر معیاری ہونے کی بناء پر موقع پر تلف کر کے گاڑیاں ضبط کر لی جاتی ہیں۔ مزید برآں

جرمانے کے علاوہ ان افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ویجی لینس ٹیمیں ریکی کرکے ان افراد کے ذریعے سے ایسے احاطوں کا کھوج لگاتی ہیں جہاں پر ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ تیار کیا جاتا ہے۔اوکاڑہ میں جولائی 2018 سے اب تک ملاوٹ زدہ دودھ تیار کرنے والے آٹھ احاطوں کو سر بمہر کرکے پانچ افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کروائی گئی تاکہ یہ لوگ دوبارہ سے یہ مکروہ دھندہ کرنے کی جرأت نہ کریں۔

(ج،د) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے تحصیل اوکاڑہ، پی پی-185 میں مضر صحت و غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار کرنے و فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے یکم جولائی 2018 سے اب تک 2905 احاطوں کا معائنہ کیا جن میں سے 1988 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے اور غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے کی بناء پر 238 احاطوں کو -/1420000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 66 کو سر بمہر، 29 احاطوں کو ایمر جنسی پروہیبیشن آرڈر جاری کئے اور تین افراد کے خلاف FIR درج کروائی گئی۔مزید بر آں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی و ڈیری سیفٹی ٹیموں نے تحصیل اوکاڑہ پی پی-185 میں ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے یکم جولائی 2018 سے اب تک 179 دودھ کے احاطوں کا معائنہ کیا جن میں سے 111 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ فروخت کرنے پر دو احاطوں کو سر بمہر کیا گیا، 14 احاطوں کو -/85500 روپے جرمانہ کیا گیا اور تین افراد کے خلاف FIR درج کروائی گئی جبکہ 20320 لیٹر دودھ ملاوٹ زدہ و غیر معیاری ہونے کی وجہ سے موقع پر تلف کر دیا گیا۔

حکومت کا کسانوں سے گندم
کی خریداری اور باردانہ کی فراہمی سے متعلقہ تفصیلات

*1641: **محترمہ رابعہ نسیم فاروقی:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیاکسانوں سے گندم کی خریداری کے حوالہ سے حکومت کی کوئی پالیسی موجود ہے؟
(ب) حکومت سال2019 میں کسانوں سے کتنی گندم خریدنے کاارادہ رکھتی ہے۔
(ج) کسانوں کو باردانہ فراہم کرنے کے حوالہ سے حکومت نے کیامنصوبہ سازی کی ہے۔
(د) حکومت گندم خریدنے کے لئے فی کسان کتنے بیگز فراہم کرے گی۔

وزیرخوراک(جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) کسانوں، زمینداروں سے خریداری گندم کے لئے 382 خریداری مراکز قائم کئے گئے ہیں، کسانوں کے بیٹھنے کے لئے باقاعدہ شامیانے، کرسیاں، ٹھنڈاپانی اور شربت وغیرہ کی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ مزید بر آں باردانہ کے حصول کے لئے پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اور PITB سے تصدیق شدہ گرداوری کے حامل کاشتکاران کو باردانہ کا اجراء کیا جارہاہے۔
(ب) حکومت پنجاب اِس سال کسانوں سے 130۔ارب روپے کی گندم کی خریداری کا ارادہ رکھتی ہے۔
(ج) کسانوں کو باردانہ گندم کاشت کی گرداوری کی بنیاد پر جاری کیا جاتا ہے۔ محکمہ مال کی طرف سے تیار کردہ فہرستوں کی جانچ پڑتال پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کرتی ہے۔ بعدازاں اِن فہرستوں کی تصدیق PITB کرتی ہے۔
صوبائی کمیٹی مشتمل ایم پی اے صاحبان باردانہ فی ایکڑ کا فیصلہ کرتی ہے، محکمہ خوراک عملہ سنٹر کو آرڈینیٹر کی سفارش پر ترجیحی لِسٹ کے مطابق زمینداروں کو باردانہ جاری کرتاہے۔
(د) حکومت گندم خریدنے کے لئے آٹھ بوری (100 کلوگرام) فی ایکڑ کے حساب سے دس ایکڑ کاشت گندم کی حدتک باردانہ جاری کررہی ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کاجولائی2018سے
تاحال ملاوٹ سے متعلقہ اندراج مقدمات سے متعلقہ تفصیلات

*1676: **محترمہ خدیجہ عمر:** کیاوزیرخوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی اجزائے خورد ونوش میں ملاوٹ کے خلاف کوششوں میں مصروف ہے؟

(ب) مذکورہ اتھارٹی نے جولائی 2018 سے تاحال اشیائے خورد و نوش میں ملاوٹ کے کتنے کیسز درج کئے اور کتنے افراد کو قید و جرمانہ کی سزا دی گئی، ضلع وار تفصیل دی جائے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ کے کچھ اضلاع خاص طور پر قصور اور اوکاڑہ میں بہت بڑی مقدار میں کیمیکل والا دودھ تیار کیا جاتا ہے اگر ایسا ہے تو فوڈ اتھارٹی اس لعنت کو صوبہ بھر سے ختم کرنے کے لئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے، تفصیلات فراہم کی جائیں۔

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) یہ بالکل درست ہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی اپنے قیام سے ہی صوبہ بھر میں عام لوگوں تک صحت مند، صاف ستھری، معیاری اور ملاوٹ سے پاک اشیاء خوردونوش کی فراہمی کے لئے ہمہ وقت کوششوں میں مصروف ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کا نعرہ ہے؛ "ملاوٹ سے پاک ہمارا پنجاب"

(ب) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جولائی 2018 سے تاحال صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے اشیاء خوردونوش کے کاروبار سے وابسطہ 397,918 احاطوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 248,722 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور غیر معیاری و ملاوٹ زدہ اشیاء خوردونوش فروخت کرنے کی بناء پر 5,758 احاطوں کو سربمہر کیا گیا جبکہ 23,910 احاطوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔ مزید بر آں ملاوٹ جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث 244 افراد / ذمہ داران کے خلاف FIRs درج کرائی گئیں جبکہ 92 افراد / ذمہ داران کو گرفتار کروایا گیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیوں کی ضلع وار تفصیل ضمنی نمبر (1) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یہ بات بالکل بے بنیاد اور غلط ہے کہ قصور اور اوکاڑہ میں بہت بڑی مقدار میں کیمیکل والا دودھ تیار کیا جاتا ہے بلکہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے اپنی تشکیل کردہ "ڈیری سیفٹی ٹیموں" نے قصور اور اوکاڑہ سمیت صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں دودھ میں ملاوٹ کرنے والوں

کے خلاف اپنا گھیرا تنگ کیا ہوا ہے علاوہ ازیں یہ فوڈ سیفٹی ٹیمیں صوبہ بھر میں دودھ کی چیکنگ کرتی ہیں تاکہ لوگوں تک معیاری اور ملاوٹ سے پاک دودھ کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے قصور اور اوکاڑہ میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے جولائی2018 سے اب تک شہر کے داخلی راستوں پر ناکے لگا کر مختلف دودھ والی گاڑیوں کی چیکنگ کی اور چیکنگ کے دوران ملنے والا ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ موقع پر تلف کر دیا گیا۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

ضلع	کل گاڑیاں	کل چیک کردہ دودھ	کل تلف کردہ دودھ
قصور	892	23,4743لیٹر	25,397لیٹر
اوکاڑہ	624	158,293لیٹر	19,920لیٹر
ٹوٹل	1,516	393,036لیٹر	45,317لیٹر

پنجاب فوڈ اتھارٹی صوبہ بھر میں عام لوگوں تک معیاری اور صاف ستھری خوراک کی فراہمی کے لئے اپنا کردار بڑی تندہی سے ادا کر رہی ہے اور کسی قسم کے تساہل کا مظاہرہ نہ ہو رہا ہے۔

سال2019 میں حکومت

کا گندم خریداری کے ہدف اور باردانہ سے متعلقہ تفصیلات

***1739: ملک محمد احمد خان:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ میں امسال2019 میں گندم کی کتنی پیداوار کا اندازہ ہے؟

(ب) سال2019 میں حکومت کتنی گندم خرید کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اس کے لئے کتنی رقم اور باردانہ درکار ہو گا؟

(ج) اس وقت صوبہ میں محکمہ خوراک کے پاس کتنی گندم ذخیرہ ہے؟

(د) حکومت سٹور کردہ گندم کو فروخت کیوں نہیں کرتی؟

(ہ) کیا حکومت کسانوں سے زیادہ سے زیادہ گندم خود خرید کرنے کے لئے تیار ہے تو اس بابت اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ فرمائیں؟

وزیر خوراک(جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) محکمہ زراعت کے مطابق صوبہ پنجاب میں اس سال1,86,00,000 میٹرک ٹن گندم کی پیداوار کا تخمینہ تھا۔

(ب) سال 2019 میں حکومت پنجاب نے 33,15,866 میٹرک ٹن گندم خرید کی جس کے لئے 3,31,68,660 باردانہ استعمال ہوا اور مبلغ 108.064۔ارب روپے کاشتکار ان کو ادا کئے گئے۔

(ج) اس وقت صوبہ پنجاب میں 47,95,430 میٹرک ٹن گندم ذخیرہ شدہ ہے۔

(د) حکومت خرید کردہ گندم صوبے کی ضرورت کے پیش نظر فلور ملز کو جاری کرتی ہے جس کے لئے پالیسی اجراء گندم سکیم 20-2019 بروقت مکمل کرلی جائے گی۔

(ہ) حکومت پنجاب محکمہ خوراک نے زیادہ تر گندم کسانوں سے خرید کی ہے اس بابت اٹھائے گئے انتظامات درج ذیل تھے:

i. کسانوں کو باردانہ کا اجراء گندم کاشت کی گرداوری کی بنیاد پر کیا گیا۔

ii. محکمہ مال کی طرف سے تیار کردہ فہرستوں کی جانچ پڑتال پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی نے کی۔

iii. بعد ازاں ان فہرستوں کی تصدیق PITB نے کی۔

iv. صوبائی کمیٹی مشتمل ایم پی اے صاحبان باردانہ فی ایکڑ کا فیصلہ کیا۔

v. محکمہ خوراک کا عملہ سنٹر کوآرڈینیٹر کی سفارش پر ترجیحی لسٹ کے مطابق زمینداروں کو باردانے کا اجراء کیا۔

خوراک میں ملاوٹ اور غیر معیاری کھانوں
کی روک تھام کے سلسلہ میں محکمانہ اقدامات و دیگر تفصیلات

*1784: **محترمہ شعوانہ بشیر:** کیاوزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ خوراک میں ملاوٹ اور غیر معیاری کھانے شہریوں کی ہلاکت کا باعث بن رہے ہیں اور ان واقعات میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے سمندری (فیصل آباد) میں ہونے والے واقعات منہ بولتا ثبوت ہیں کیا محکمہ خوراک اس معاملے

میں کوئی سخت اقدامات اٹھانے اور آئندہ کے لئے کوئی لائحہ عمل تیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) سال2018 میں کتنے ہوٹلوں پر چھاپے مارے گئے اور ان کو کیا کوئی سزا یا جرمانہ کیا گیا؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) یہ درست نہ ہے کہ خوراک میں ملاوٹ اور غیر معیاری کھانے شہریوں کی ہلاکت کا سبب بن رہے ہیں۔ بلکہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی، ڈیری سیفٹی اور میٹ سیفٹی ٹیمیں صوبہ بھر میں بڑی تندہی سے کام کر رہی ہیں تاکہ عام شہریوں تک ملاوٹ سے پاک، صحت مند اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اسی طرح فیصل آباد میں بھی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی، ڈیری سیفٹی اور میٹ سیفٹی ٹیمیں عام شہریوں تک صاف ستھری ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں اور باقاعدگی سے شہر میں موجود خوراک کے کاروبار سے منسلک احاطوں اور تمام فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کرتی ہیں۔ دوران معائنہ ان احاطوں / فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کئے جاتے ہیں جبکہ پہلے سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے کی صورت میں اور غیر معیاری و ملاوٹ زدہ خوراک تیار و فروخت کرنے کی بناء پر ان احاطوں / فوڈ پوائنٹس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ان کو سر بمہر، بھاری جرمانے، ایمر جنسی پروہیبشن آرڈر اور ذمہ دار افراد کے خلاف FIR بھی درج کروائی جاتی ہے۔

(ب) سال2018 میں پنجاب فوڈ اتھارٹی، فیصل آباد نے خوراک کے بہتر معیار کو یقینی بنانے کے لئے35,888 ہوٹلوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ22,849 ہوٹلوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور غیر معیاری و ملاوٹ زدہ اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے کی بناء پر457 ہوٹلوں / ریسٹورنٹس کو سر بمہر کیا گیا،1,386 ہوٹلوں / ریسٹورنٹس کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے اور379 کو ایمر جنسی پروہیبشن آرڈر جاری کئے گئے۔ مزید برآں ناقص خوراک تیار و فروخت کرنے اور ملاوٹ جیسے گھناؤنے کاروبار

میں ملوث 33افراد / ذمہ داران کے خلاف FIRs درج کرائی گئیں جبکہ 9افراد / ذمہ داران کو گرفتار کروایا گیا۔

صوبہ بھر میں فلور ملز کی تعداد و آٹے کے معیار سے متعلقہ تفصیلات

***1800: محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ بھر میں فلور ملز کی تعداد کتنی ہے؟

(ب) مذکورہ ملوں میں آٹے کے معیار کو چیک کرنے کا میکنزم کیا ہے محکمہ کے کون سے ملازمین آٹے کے معیار کو کیسے چیک کرتے ہیں؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ متعدد فلور ملز میں ناقص آٹا تیار کیا جاتا ہے یکم جولائی 2018 سے اب تک کتنی فلور ملز کو چیک کیا گیا ناقص آٹا بنانے پر کتنی ملز کو جرمانہ / سیل کیا گیا مکمل تفصیل بتائیں؟

(د) کیا حکومت ناقص آٹا بنانے والی فلور ملز کے خلاف کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) صوبہ پنجاب میں 983 فلور ملز ہیں۔ ڈویژن وار تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) آٹے کے معیار کے چیک کرنے کے لئے متعلقہ ضلعی مختارِ خوراک تمام فلور ملز سے ماہانہ کی بنیاد پر آٹے کے نمونہ جات لیتے ہیں جن کا تجزیہ متعلقہ کوالٹی کنٹرول لیبارٹریز برائے سیریل پراڈکٹس لاہور، جوہر آباد، بہاولپور سے کروایا جاتا ہے۔ جن فلور ملز کے نمونہ جات معیار پر پورا نہیں اُترتے، اُن کو بذریعہ نوٹس اظہار وجوہ صفائی کا موقع دیا جاتا ہے، بمطابق رزلٹ ذیل میں سے کوئی ایک سزا دی جاتی ہے۔

1- وارننگ۔ 2- بندش کوٹا گندم۔ 3- جرمانہ۔

(ج) یہ درست نہ ہے کہ متعدد فلور ملز میں ناقص آٹا تیار کیا جاتا ہے بلکہ فلور ملز محکمانہ قوانین و ہدایات کے مطابق آٹا تیار کرتی ہیں۔ یکم جولائی 2018 سے اب تک چیک کی گئی فلور ملز کی تعداد تفصیل جرمانہ / سیل کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ SOPs کے مطابق ناقص آٹا بنانے والی فلور ملز کو لیبارٹری کی طرف سے موصول شدہ تجزیاتی رپورٹس پر بروقت مجوزہ قواعد و ضوابط کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

صوبہ میں مضر صحت ملاوٹ شدہ دیسی گھی اور شہد کی فروخت سے متعلقہ تفصیلات

*1859: **چودھری اشرف علی:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں دیسی گھی کے نام پر جعلی، ملاوٹ شدہ اور مضر صحت اجزاء سے تیار شدہ ناقص گھی فروخت کیا جارہا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ خالص اور جنگلی شہد کے نام پر جعلی، ملاوٹ شدہ اور مضر صحت اجزاء سے تیار شدہ ناقص شہد فروخت کیا جارہا ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ بھر میں دیسی گھی، خالص اور جنگلی شہد کے نام پر شہریوں کے مال اور صحت سے کھلواڑ کیا جارہا ہے؟

(د) اگر جُز ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت شہریوں کو خالص اور معیاری دیسی گھی و شہد کی فراہمی کے لئے کیا اقدامات اٹھارہی ہے۔ تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف تا د) یہ بات بالکل غلط اور بے بنیاد ہے کہ صوبہ بھر میں دیسی گھی کے نام پر جعلی، ملاوٹ شدہ و مضر صحت اجزاء سے تیار کردہ گھی اور جنگلی شہد کے نام پر جعلی، ملاوٹ شدہ و مضر صحت اجزاء سے تیار کردہ ناقص شہد فروخت کرکے شہریوں کے مال اور صحت سے کھلواڑ کیا جارہا ہے ماسوائے چند ایسے عناصر کے جو اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کے گرد اپنا گھیرا تنگ کیا ہوا ہے اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صوبہ بھر میں عام شہریوں تک صاف ستھری، معیاری، صحت مند اور ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں اور اپنا کام بڑی تندہی سے ادا کر رہی ہیں اور کسی قسم کے تساہل کا

مظاہرہ نہ ہو رہا ہے۔فوڈ سیفٹی ٹیمیں باقاعدگی سے شہر میں موجود خوراک کے کاروبار سے منسلک احاطوں اور تمام فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کرتی ہیں۔دوران معائنہ ان احاطوں / فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کئے جاتے ہیں جبکہ پہلے سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے کی صورت میں اور غیر معیاری و ملاوٹ زدہ خوراک تیار و فروخت کرنے کی بناء پر ان احاطوں / فوڈ پوائنٹس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ان کو سر بمہر، بھاری جرمانے، ایمر جنسی پروہیبشن آرڈر اور ذمہ دار افراد کے خلاف FIR بھی درج کروائی جاتی ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سال 2019 میں صوبہ بھر میں جعلی، ملاوٹ شدہ و مضر صحت اجزاء سے دیسی گھی تیار و فروخت کرنے والے احاطوں اور ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 195 احاطوں کو چیک کیا۔ دوران چیکنگ 146 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے۔ناقص گھی تیار کرنے و فروخت کرنے پر 11 احاطوں کو سر بمہر کیا گیا اور 13 احاطوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے جبکہ دوران چیکنگ ملنے والا 17,752 کلو ناقص دیسی گھی "پنجاب فوڈ اتھارٹی (ڈسپوزل آف ویسٹ کوکنگ آئل) ریگولیشنز 2017" کے تحت پنجاب فوڈ اتھارٹی سے رجسٹرڈ شدہ بائیوڈیزل کمپنیز کو دے دیا گیا۔اسی طرح پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سال 2019 میں صوبہ بھر میں جعلی، ملاوٹ شدہ و مضر صحت اجزاء سے شہد تیار و فروخت کرنے والے احاطوں اور ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 24 احاطوں کو چیک کیا۔ دوران چیکنگ گیارہ احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے۔ ناقص شہد تیار کرنے و فروخت کرنے کی بناء پر تین احاطوں کو سر بمہر کیا گیا اور ایک احاطے کو فوری طور پر پروڈکشن روکنے کے احکامات جاری کئے گئے جبکہ دوران چیکنگ ملنے والا 300 کلو ناقص و غیر معیاری شہد موقع پر تلف کر دیا گیا۔

تحصیل صادق آباد میں 18-2017 کے دوران
ہوٹل اور ریسٹورنٹ کو چیک اور جرمانہ کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*1957: **سید عثمان محمود:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل صادق آباد میں سال 18-2017 کے دوران کتنے ہوٹل / ریسٹورنٹ کو چیک کیا گیا۔ کتنے سیل کئے گئے اور کتنے کو جرمانہ کیا گیا؟

(ب) ہوٹل / ریسٹورنٹ کے علاوہ دیگر کون کون سی فوڈ آئیٹمز کے اداروں کو مذکورہ عرصہ کے دوران چیک کیا گیا اور ان کو جرمانہ / سیل کیا گیا۔ تفصیلاً آگاہ فرمائیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) سال 18-2017 میں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے تحصیل صادق آباد میں کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 412 ہوٹلز / ریسٹورنٹس کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 314 ہوٹلز / ریسٹورنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ناقص و غیر معیاری خوراک تیار و فروخت کرنے کی بناء پر پانچ ہوٹلز / ریسٹورنٹس کو سربمہر کیا گیا اور 98 ہوٹلز / ریسٹورنٹس کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے جبکہ موقع پر ملنے والی ناقص خوراک کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔

(ب) سال 18-2017 میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے تحصیل صادق آباد میں اپنے متعلقہ علاقے میں عام شہریوں تک صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ہوٹلز / ریسٹورنٹس سمیت دیگر ہر قسم کی اشیاء خوردونوش کے کاروبار سے منسلک 4,041 احاطوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 3,051 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ناقص و غیر معیاری خوراک تیار و فروخت کرنے کی بناء پر پچاس احاطوں کو سربمہر کیا گیا، 49 احاطوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے اور دو حاطوں کو ایمرجنسی پروہیبشن آرڈر جاری کئے گئے جبکہ 2 افراد کے خلاف FIR درج کروائی گئی۔

رحیم یار خان میں گندم کے سٹور اور گوداموں سے متعلقہ تفصیلات

*1958: **سید عثمان محمود:** کیاوزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع رحیم یار خان میں گندم کے سٹور / گودام کہاں کہاں واقع ہیں؟

(ب) ضلع ہذا میں گندم کو سٹور کرنے کے لئے کون سے طریقے رائج ہیں۔

(ج) ضلع میں کل کتنی گندم کا ذخیرہ ہے نیز فلور ملز کو گوداموں سے گندم فراہم کرنے کا طریق کار کیا ہے۔

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) ضلع رحیم یار خان میں گندم خرید / سٹور کرنے کے بیس سنٹرز ہیں تفصیل اس طرح سے ہے:

نمبر	سنٹر	نمبر	سنٹر
1-	رحیم یار خان	11-	سنجر پور
2-	کوٹسمابہ	12-	لیاقت پور
3-	صادق آباد ایٹ چک 5 این پی	13-	الہ آباد
4-	نواز آباد	14-	ٹھل حمزہ
5-	رحیم آباد	15-	اقبال آباد
6-	چانجنی	16-	بنگلہ منٹھار
7-	ترنڈہ محمد پناہ	17-	جمال دین والی
8-	چک 64 این پی	18-	چک 264 پی
9-	چک 46 پی ایٹ باغو بہار	19-	چک 89 عباسیہ
10-	واحد بخش لاڑ	20-	حیات لاڑ ایٹ چک 70 عباسیہ

(ب)

1- گوداموں میں 2- اوپن میں گنجیوں کی صورت میں

(ج) ضلع ہذا میں کل گندم 166903.728 میٹرک ٹن سٹور ہے:

فلور ملوں کو گندم فراہم کرنے کے لئے حکومت پنجاب محکمہ خوراک گندم ایشو پالیسی مرتب کرتا ہے۔ بعد ازاں گندم ایشو پالیسی کے مطابق فلور ملوں کو گندم فراہم کی جاتی ہے۔

موسم گرما میں سڑکوں پر
بکنے والے مشروبات کی کوالٹی سے متعلقہ تفصیلات

*2155: **محترمہ کنول پرویز چودھری:** کیاوزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) موسم گرما میں سڑکوں پر مختلف مشروبات بیچنے والے سٹالز کو کبھی محکمہ نے چیک کیا ہے؟

(ب) کیاان مشروبات میں استعمال ہونے والا پانیfilteredاور صاف ہوتا ہے؟

(ج) بیماریاں بیچنے والے مشروبات کے سٹالز کے خلاف کیا کارروائی کی جاتی ہے اس کا طریق کار کیا ہے؟

وزیر خوراک(جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف،ب) موسم گرما میں سڑک کنارے مشروبات بیچنے والے سٹالز کا رجحان بڑھ جاتا ہے اور پنجاب فوڈ اتھارٹی تمام اضلاع میں ان کو چیک کرتی ہے بشمول بغیر فلٹر شدہ پانی سے تیار کردہ مشروبات بیچنے کی کوشش کرنے والے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں عام شہریوں کو ان غیر معیاری مشروبات کے استعمال سے بچانے کے لئے سڑک کنارے موجود مشروبات کے سٹالز کو باقاعدگی سے چیک کرتی ہیں اور مشروبات غیر معیاری ثابت ہونے پر ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

(ج) سال19-2018میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے صوبہ بھر میں عام شہریوں کو غیر معیاری مشروبات کے استعمال سے بچانے کے لئے3,203مشروبات تیار کرنے والے اور بیچنے والے سٹالز/سوڈا واٹر یونٹس کو چیک کیا۔دوران معائنہ 1,926سٹالز/سوڈاواٹر یونٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے۔318سٹالز/سوڈاواٹر یونٹس کو غیر معیاری مشروبات تیار کرنے و فروخت کرنے کی بناء پر سربمہر کیا گیا اور 173مشروبات کے سٹالز/سوڈاواٹر یونٹس کو بھاری جرمانے کئے گئے جبکہ دوران معائنہ

ملنے والے 9,671لیٹر غیر معیاری مشروبات اور 5121 سوڈا واٹر بوتلوں کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔

جولائی2018 تامارچ2019 تک

فوڈ اتھارٹی کی اشیاء خورد و نوش میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف کارروائی

*2201: **محترمہ عنیزہ فاطمہ:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ بھر میں یکم جولائی 2018 سے 30-مارچ 2019 تک محکمہ فوڈ اتھارٹی نے کتنے ناقص دودھ والوں اور کتنے خورد و نوش کی اشیاء میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی ان کو کتنا جرمانہ کیا اور کتنے لوگوں کو گرفتار کیا گیا؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ فوڈ اتھارٹی ناقص دودھ موقع پر ہی تلف کر دیتی ہے اور ذمہ داران اشخاص کے خلاف کارروائی نہیں کرتی جس کی وجہ سے اگلے روز پھر وہی اشخاص ناقص دودھ لے کر آجاتے ہیں؟

(ج) اگر ناقص دودھ تلف کرنے یا جرمانہ کرنے کے علاوہ ایسے اشخاص کے خلاف کوئی کارروائی کی جاتی ہے تو تفصیل بیان کریں؟

(د) کیا حکومت ناقص دودھ / خورد و نوش کی اشیاء میں ملاوٹ کرنے والے اشخاص کو جرمانے کے علاوہ اس مکروہ دھندے میں ملوث مالکان کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف تا د) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے صوبہ بھر میں ملاوٹ زدہ، ناقص و غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار کرنے و فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے یکم جولائی 2018 سے 30 مارچ 2019 تک 63,729 احاطوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 42,747 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ملاوٹ زدہ، ناقص و غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے کی بناء پر 5,661 احاطوں کو 32,639,060/- روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 1159 کو احاطوں کو سر بمہر، 277

احاطوں کو ایمرجنسی پروہیبیشن آرڈر جاری کئے گئے اور 21افراد کے خلاف FIR درج کروائی گئی۔ مزید برآں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی وڈیری سیفٹی ٹیموں نے صوبہ بھر میں ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ تیار و فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے یکم جولائی2018 سے 30۔مارچ2019 تک 12432 دودھ کے احاطوں کا معائنہ کیا جن میں سے 8901 احاطوں کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ تیار و فروخت کرنے کی بناء پر 135 احاطوں کو سربمہر کیا گیا، 1,074 احاطوں کو 5,718,700 روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور آٹھ افراد کے خلاف FIR درج کروائی گئی۔

علاوہ ازیں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی وڈیری سیفٹی ٹیموں نے صوبہ بھر کے تمام شہروں کے داخلی راستوں پر ناکے لگا کر 22,297 گاڑیوں میں موجود 3,678,201 لیٹر دودھ چیک کیا اور 285,638 لیٹر دودھ ملاوٹ زدہ و غیر معیاری ہونے کی وجہ سے موقع پر تلف کر دیا گیا۔

اس بات میں بالکل صداقت نہ ہے کہ دودھ لے کر آنے والے اشخاص کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی بلکہ دودھ میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دودھ والی گاڑیاں چیک کی جاتی ہیں اور بعد از ٹیسٹنگ دودھ ملاوٹ زدہ و غیر معیاری ہونے کی بناء پر موقع پر تلف کر دیا جاتا ہے۔

مزید برآں جرمانے کے علاوہ ان افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ویجی لینس ٹیمیں ریکی کر کے ان افراد کے ذریعے سے ایسے احاطوں کا کھوج لگاتی ہیں جہاں پر ملاوٹ زدہ و غیر معیاری دودھ تیار کیا جاتا ہے۔ بعد آزاں ان احاطوں اور ان کے ذمہ داران کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی صوبہ بھر میں ملاوٹ مافیا اور غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے والوں کے گرد اپنا گھیرا تنگ کئے ہوئے ہے اور اپنا کام بڑی تندہی سے ادا کر رہی ہے تاکہ عام شہریوں تک صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

تعلیمی اداروں کے اندر اور باہر مضر صحت اشیاء کی فروخت کی روک تھام

*2328: **محترمہ سلمیٰ سعدیہ تیمور:** کیا وزیر خوراک از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حکومت تمام تعلیمی اداروں کے باہر اور اندر کنٹینوں پر فروخت ہونے والی مضر صحت اشیاء کو بند کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر جواب ہاں میں ہے تو اب تک تعلیمی اداروں کے باہر اور اندر کنٹینوں پر کتنے لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی، کتنوں کو سزا اور کتنوں سے جرمانے وصول کئے گئے؟

(ج) کیا تعلیمی اداروں کنٹینوں پر مضر صحت اشیاء فروخت کرنے پر ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے خلاف بھی کارروائی کی گئی، جن کی اجازت سے یہ سب کچھ ہو رہا ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں صوبہ بھر میں تعلیمی اداروں کے اندر اور باہر ناقص و مضر صحت اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ ان تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم نئی نسل تک تازہ، صاف ستھری و صحت مند خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے اور نئی نسل کو بیماریوں سے بچایا جاسکے۔

(ب) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سال 19-2018 میں صوبہ بھر کے تعلیمی اداروں میں معیاری اشیاء خوردونوش کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے تعلیمی اداروں کے اندر اور باہر موجود 5,301 کنٹینوں کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ 2,702 کنٹینوں کو

اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے اور ناقص و غیر معیاری اشیاء خوردونوش فروخت کرنے کی بناء پر 93 کنٹینوں کو سربمہر کیا گیا جبکہ 118 کنٹینوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں گاہے بگاہے تعلیمی اداروں کے ذمہ داران وسربراہان کو "پنجاب ایجوکیشنل انسٹیٹیوشنز فوڈ سٹینڈرڈز ریگولیشنز، 2017" کے تحت معیاری اور غیر معیاری خوراک سے متعلق آگاہی فراہم کرتی ہیں اور بعد از آگاہی، خلاف ورزی کی صورت میں تعلیمی اداروں کی کنٹینوں کے مالکان کے خلاف کارروائی عمل میں لاتی ہیں۔

صوبہ میں ذخیرہ گندم سے متعلقہ تفصیلات

*2589: **محترمہ سلمیٰ سعدیہ تیمور:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ کے پاس کتنی گندم اس وقت ذخیرہ ہے اس میں کتنی اوپن سٹاک اور کتنی کورڈ سٹاک میں ضلع وار موجود ہے، تفصیل سے آگاہ کیا جائے؟

(ب) ذخیرہ شدہ گندم پر روزانہ کی بنیاد پر کتنا سود و دیگر اخراجات آرہے ہیں؟

(ج) محکمہ کی کیا مجبوری تھی کہ گندم کا پرانا سٹاک سستے داموں بیچنا پڑا اور نئے سٹاک کے لئے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) محکمہ کے پاس اس وقت 44,93,312 میٹرک ٹن گندم ذخیرہ ہے جس میں سے 20,53,732 میٹرک ٹن کورڈ سٹاک ہے جبکہ اوپن سٹاک 24,42,580 میٹرک ٹن اوپن گنجیوں میں ذخیرہ کردہ ہے۔ ضلع وار تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) اس وقت مبلغ 428-ارب روپے کا قرض محکمہ خوراک کے ذمہ واجب الادا ہے جس پر محکمہ 170.027 ملین (14.50 شرح فیصد) روزانہ کی بنیاد پر سود کی مد میں ادا کرتا ہے۔ اس وقت ذخیرہ شدہ گندم کی مقدار 44,93,312 ملین ٹن جس میں سے 33 لاکھ ٹن رواں سال خرید کی گئی۔ گندم کی خریداری وغیرہ کے لئے محکمہ خوراک نے

108۔ارب روپے قرض لیا تھا۔ موجودہ قرض کی رقم پر اوسطاً 12.40 فیصد مارک اَپ کی شرح سے روزانہ کی بنیاد پر مبلغ 36.690 ملین سود کی مد میں ادا کیا جارہا ہے۔

(ج) محکمہ خوراک ہر سال کاشتکاروں سے گندم کی خریداری کرتا ہے جس کے دو بنیادی مقاصد ہیں جس میں کاشتکار کو امدادی قیمت براہِ راست مہیا کرنا اور یقینی بنانا ہے۔ گندم کی بازاری قیمت کو مستحکم رکھنا ہے۔ پرانے سٹاک کی موجودگی میں نئے سٹاک کا خریدا جانا اضافی اخراجات کا باعث بنتا ہے جو کہ بڑھتی ہوئی شرح سود کی وجہ سے محکمہ کے مفاد میں نہ تھا۔

چیئرمین پنجاب فوڈ اتھارٹی کی تعیناتی سے متعلقہ تفصیلات

*2706: **محترمہ سمیرا کومل**: کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے چیئرمین کی تعیناتی کا طریق کار کیا ہے؟

(ب) چیئرمین کی تعیناتی کے لئے کتنی تعلیم، تجربہ اور قابلیت کا ہونا ضروری ہے؟

(ج) کیا موجودہ چیئرمین فوڈ اتھارٹی نے اپنے متعلقہ شعبے میں کسی یونیورسٹی سے ڈگری حاصل کی، اگرہاں تو تفصیل بتائی جائے نہیں تو ان کو فوڈ اتھارٹی کا چیئرمین لگانے کی وجہ اور قابلیت بیان کی جائے؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے چیئرمین کی تعیناتی کا طریق کار پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 کے سیکشن (2)4 اور (5)4 میں درج ہے ایکٹ ضمنی نمبر (1) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب ،ج) چیئرمین کی تعیناتی کے لئے اہلیت پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 کے سیکشن (2)4 میں وضع کر دی گئی ہے۔ ایکٹ ضمنی نمبر (1) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ موجودہ چیئرمین کی تعیناتی پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے سیکشن 5 کو مد نظر رکھتے ہوئے قانون کے مطابق کی گئی ہے۔ موجودہ چیئرمین، پنجاب فوڈ اتھارٹی ممبر پنجاب اسمبلی ہونے کے

ساتھ ساتھ ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن کی ڈگری کے حامل ولاء گریجویٹ بھی ہیں نوٹیفکیشن ضمنی نمبر (2) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

لاہور: شالامار لنک مین روڈ پر کھانے کے ہوٹلوں سے متعلقہ تفصیلات

***2799: محترمہ کنول پرویز چودھری:** کیا وزیر خوراک از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) شہر لاہور کے علاقہ شالامار لنک مین روڈ پر واقع کھانے کے کتنے ہوٹل چل رہے ہیں؟

(ب) علاقہ فوڈ انسپکٹر نے جنوری 2019 تا مئی 2019 میں کتنے ہوٹلوں کے چالان کئے اور کل کتنا جرمانہ کیا گیا؟

(ج) کیا علاقہ کے ہر ہوٹل میں صارفین کے لئے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا شکایت نمبر واضح جگہ پر درج کیا گیا ہے؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) شہر لاہور کے علاقہ شالامار لنک مین روڈ پر آٹھ ہوٹل و ریسٹورنٹ کام کر رہے ہیں۔

(ب) جنوری 2019 تا مئی 2019 تک پنجاب فوڈ اتھارٹی نے شالامار لنک مین روڈ پر واقع کل آٹھ ہوٹلز / ریسٹورنٹس کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ پانچ ہوٹلز / ریسٹورنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے جبکہ ناقص و غیر معیاری اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے کی بناء پر ایک ہوٹل / ریسٹورنٹ کو سربمہر کیا گیا اور دو ہوٹلز / ریسٹورنٹس کو -/29,000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

(ج) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ٹال فری نمبر 80500-0800 ادارے کی ویب سائٹ پر موجود ہے اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی تمام فیلڈ وہیکلز پر بھی درج ہے۔

علاوہ ازیں الیکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا پر بھی گاہے بگاہے پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ٹال فری نمبر 80500-0800 شکایات کے لئے نشر کیا جاتا ہے۔

غیر نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

صوبہ میں محکمہ خوراک کے پاس ذخیرہ شدہ گندم سے متعلقہ تفصیلات

534: چودھری افتخار حسین چھچھر: کیاوزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2018 کی گندم ابھی تک گوداموں میں پڑی ہوئی ہے اگر ہاں تو صوبہ کے تمام گوداموں میں اس وقت کتنی گندم موجود ہے؟

(ب) سرکاری گوداموں کی تعداد کیا ہے ہر گودام میں ذخیرہ گندم کی تفصیل بتائیں؟

(ج) حکومت نے گندم ذخیرہ کرنے کے لئے کیا پالیسی بنائی ہے اور کسانوں کو باردانہ کس پالیسی کے تحت فراہم کیا جاتا ہے؟

(د) کسانوں سے گندم خریدنے کا طریق کار کیا ہے اور حکومت کسانوں سے گندم خرید کر کہاں رکھے گی جبکہ گندم ذخیرہ کرنے کے لئے گوداموں میں کوئی گنجائش نہ ہے؟

(ہ) کیا حکومت گوداموں میں پڑی گندم برآمد یا فروخت کرنے اور نئی گندم خریدنے کے لئے واضح پالیسی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) یہ درست ہے کہ سال 2018 کی 9,54,238 میٹرک ٹن گندم گوداموں میں موجود ہے۔

(ب) محکمہ خوراک کے پاس 195 صوبائی ذخائر مراکز موجود ہیں ذخیرہ گنجائش کی تفصیل ضلع وار ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) محکمہ خوراک پنجاب کے پاس اس وقت ذخیرہ گنجائش 1364,054 میٹرک ٹن ہے۔ لہٰذا آئندہ خریداری گندم میں سے 1364,054 میٹرک ٹن گندم گوداموں میں ذخیرہ کی جائے گی اور بقیہ گندم کھلے آسمان تلے گنجیوں کی شکل میں ذخیرہ کی جائے گی۔ کسانوں کو باردانہ گندم کاشت کی گرداوری کی بنیاد پر جاری کیا جاتا ہے۔ محکمہ مال کی

طرف سے تیار کردہ فہرستوں کی جانچ پڑتال پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کرتی ہے۔ بعد ازاں اِن فہرستوں کی تصدیق PITB کرتی ہے۔

صوبائی کمیٹی مشتمل ایم پی اے صاحبان باردانہ فی ایکڑ کا فیصلہ کرتی ہے، محکمہ خوراک عملہ سنٹر کوآرڈینیٹر کی سفارش پر ترجیحی لِسٹ کے مطابق زمینداروں کو باردانہ جاری کرتا ہے۔

(د) گندم کی خریداری کا طریق کار جز(ج) میں درج کیا گیا ہے۔ یہ غلط ہے کہ گندم ذخیرہ کرنے کے لئے گوداموں میں کوئی جگہ نہ ہے، کیونکہ اس وقت محکمہ کے پاس 13,64,054 میٹرک ٹن گندم ذخیرہ کرنے کی گنجائش موجود ہے۔

(ہ) گوداموں میں موجود گندم فوڈ سکیورٹی کے طور پر موجود ہے۔ حالیہ بارشوں اور ژالہ باری کے باعث جنوبی پنجاب میں گندم کی پیداوار بُری طرح متاثر ہوئی ہے۔ اس طرح خریداری گندم کا مقررہ ہدف پورا کرنا بھی اتنا آسان نہیں رہا۔ موجودہ ذخیرہ گندم سے خرید ہونے والی گندم صوبائی ضروریات کے لئے میّسر ہو گی۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا نومبر 2018 سے تاحال کیمیکل سے دودھ بنانے والے پلانٹ مالکان کے خلاف کارروائی سے متعلقہ تفصیلات

731: **محترمہ رابعہ نسیم فاروقی:** کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے نومبر 2018 سے اب تک لاہور میں کیمیکل سے دودھ بنانے والے کتنے پلانٹ پکڑے اور یہ پلانٹ کہاں کہاں پر واقع تھے اوران پلانٹ ومالکان کے خلاف کیا کارروائی کی گئی؟

(ب) نومبر 2018 سے اب تک لاہور کے اندر سپلائی ہونے والے دودھ میں سے کتنے لیٹر دودھ کیمیکل زدہ ہونے کی بناء پر ضائع کیا گیا ہے۔

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) لاہور میں کیمیکل سے دودھ بنانے والا کوئی یونٹ موجود نہ ہے۔لاہور میں پانچ بڑے ڈیری پروڈکشن یونٹس کام کر رہے جن پر نومبر 2018 سے اب تک کی جانے والی کارروائیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	پریمسز کا نام	تعداد انسپیکشن	اصلاحی نوٹس	سیلنگ	EPO	جرمانہ
1۔	اچھا فوڈز پرائیویٹ لمیٹڈ	7	5	2	0	125,000
2۔	پریمیئر ڈیری	10	7	2	0	0
3۔	ملاک ڈیری	6	4	0	1	0
4۔	گورمے فوڈز	14	8	3	3	375,000
5۔	الفضل فوڈز(ڈیری)	5	4	1	0	0

(ب) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے نومبر 2018 سے اب تک شہر کے داخلی راستوں پر ناکے لگا کر لاہور کے اندر سپلائی ہونے والے 200,515 لیٹر دودھ کو چیک کیا۔ دوران چیکنگ 4,066 لیٹر دودھ غیر معیاری / کیمیکل زدہ ثابت ہونے کی وجہ سے موقع پر ہی تلف کر دیا گیا۔

صوبہ میں منرل واٹر کی غیر رجسٹرڈ کمپنیوں سے متعلقہ تفصیلات

732: محترمہ رابعہ نسیم فاروقی: کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں کتنی غیر رجسٹرڈ کمپنیاں منرل واٹر کی پیداوار دے رہی ہیں؟

(ب) ان کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے اور اب تک ان کو کتنا جرمانہ کیا گیا ہے؟

(ج) ان میں سے کتنی کمپنیوں کو کارروائی کرتے ہوئے بند کروا دیا گیا ہے؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) اس وقت صوبہ میں کوئی غیر رجسٹرڈ کمپنی منرل واٹر کی پیداوار نہ دے رہی ہے۔

(ب،ج) صوبہ میں اس وقت 17 منرل واٹر کی کمپنیاں کام کر ہی ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے سالانہ سیمپلنگ شیڈول کے مطابق ان کمپنیوں کے پانی کے نمونہ جات لیبارٹری ٹیسٹنگ کے لئے بھجوائے۔ بعد از لیبارٹری ٹیسٹنگ 17 میں سے سات منرل واٹر کمپنیوں کے

نمونہ جات پاس قرار پائے اور10 کمپنیوں کو پانی کے نمونہ جات لیبلنگ و اینالیٹیکل بنیادوں پر فیل قرار پائے جانے پر اصلاحی نوٹس جاری کئے گئے جبکہ ایک منرل واٹر کمپنی کو پانی کا نمونہ سینڈیمینٹ (Sendiment)اور ہائی ٹربیڈیٹی(Turbidity) کی وجہ سے فیل قرار پائے جانے پر 50ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیااور دوبارہ سے پانی کا نمونہ لیبارٹری ٹیسٹنگ کے لئے بھجوایا گیاجو کہ بعدازں پاس قرار پایا۔

رواں سال گندم کی خریداری کے لئے
کسانوں کو فی ایکڑ باردانہ کی فراہمی سے متعلقہ تفصیلات

747: محترمہ رابعہ نسیم فاروقی: کیاوزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) رواں سال گندم کی خریداری کے لئے صوبہ بھر میں کسانوں کو باردانہ کے کل کتنے بیگز فراہم کئے گئے؟

(ب) ایک کسان کو فی ایکڑ کے حساب سے کتنے بیگ فراہم کئے گئے؟

(ج) کل کتنے کسانوں کو بیگز فراہم کئے گئے؟

(د) ایک بیگ کے اندر کتنی مقدار میں گندم موجود ہوتی ہے؟

(ہ) حکومت نے رواں سال میں کتنی مقدار میں گندم کسانوں سے خریدی؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) رواں سال گندم کی خریداری کے لئے کُل 3,31,58,660 بوریاں (100 کلو گرام) کسانوں کو جاری کی گئیں۔

(ب) ایک کسان کو گندم کی خریداری کے لئے آٹھ بوریاں فی ایکڑ کے حساب سے باردانہ جاری کیا گیا۔

(ج) کُل 3,02,751 کسانوں کو باردانہ فراہم کیا گیا تھا۔

(د) جیوٹ باردانہ کی فی بوری میں 100 کلو گرام گندم آتی ہے جبکہ پولی پراپلین کی فی بوری میں 50 کلو گرام آتی ہے۔

(ہ) رواں سال کسانوں سے کُل 33,15,866 میٹرک ٹن گندم خرید کی گئی۔

حکومت کا گندم کے نجی گوداموں پر چھاپے اور اس کے نتیجہ میں تحویل میں لی گئی گندم سے متعلقہ تفصیلات

748: محترمہ رابعہ نسیم فاروقی: کیا وزیر خوراک ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) رواں سال 2019 کے ماہ اپریل، مئی اور جون میں حکومت نے کتنے نجی گوداموں پر چھاپے مارے اور وہاں سے کتنی مقدار میں گندم کو تحویل میں لیا؟

(ب) کیا جو گندم تحویل میں لی گئی وہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ باردانہ کے بیگز میں پیک تھی؟

(ج) جو گندم تحویل میں لی گئی کیا وہ متعلقہ پرائیویٹ لوگوں کو واپس کر دی گئی یا حکومت کی تحویل میں ہی ہے؟

(د) حکومتی تحویل میں لی گئی گندم کی قیمت کس کو ادا کی گئی تھی؟

(ہ) جن لوگوں سے گندم برآمد کرکے سرکاری تحویل میں لی گئی ان کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے؟

وزیر خوراک (جناب سمیع اللہ چودھری):

(الف) دورانِ ماہ اپریل تا جون 2019 حکومت نے 1809 چھاپے مارے اور 108315.85 میٹرک ٹن گندم تحویل میں لی گئی۔ تفصیل (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے

(ب) تحویل میں لی گئی گندم پرائیویٹ باردانہ میں تھی جس کو سرکاری باردانہ میں پلٹائی کروا کر خریداری کی گئی۔

(ج) متعلقہ گندم کی خریداری کرکے اس کی قیمت متعلقہ مالکان کو ادا کر دی گئی۔

(د) حکومتی تحویل میں لی گئی گندم کی قیمت متعلقہ مالکان کو ادا کر دی گئی۔

(ہ) گندم کو سرکاری تحویل میں لے کر مراکز خرید گندم پر سٹور کرنے کے بعد مالکان کو اس کی قیمت ادا کر دی گئی اور برآمدگی کے بعد کوئی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی۔

رپورٹیں

(جو پیش ہوئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی،وزیر قانون مجلس قائمہ برائے ہوم کی رپورٹ پیش کریں گے۔ جی، وزیر قانون!

مسودہ قانون سزادہی پنجاب 2019
کے بارے میں رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

وزیر قانون وپارلیمانی امور / سماجی بہبود وبیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر!

The Punjab Sentencing Bill, 2019.(Bill No.21 of 2019)

کے بارے میں مجلس قائمہ برائے ہوم کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش ہوئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی،وزیر قانون !اگلی رپورٹ پیش کریں۔

مسودہ قانون ضبط شدہ اور منجمد کردہ ادارہ جات (مدارس وسکولز) پنجاب 2019
کے بارے میں رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

وزیر قانون وپارلیمانی امور / سماجی بہبود وبیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر!

The Punjab Seized and Freezed Institutions(Madaaris and Schools(Bill No22 of 2019)

کے بارے میں مجلس قائمہ برائے سکولز ایجوکیشن کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش ہوئی)

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر!یہ جو رپورٹس پیش کی جارہی ہیں یہ تو آج کے ایجنڈے میں شامل ہی نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا مشہود احمد خان! رپورٹس ہی پیش کی جا رہی ہیں تو اس کا ایجنڈے میں ہونا ضروری نہیں ہے۔ اگلی رپورٹ جناب محمد افضل پیش کریں۔

مسودہ قانون میڈیکل ٹیچنگ انسٹیٹیوشنز (ریفارمز) پنجاب 2019 کے بارے میں رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

جناب محمد افضل: جناب سپیکر!

The Punjab Medical Teaching Institutions (Reforms) Bill 2019. (Bill No.31 of 2019)

کے بارے میں مجلس قائمہ برائے سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش ہوئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: اب محترمہ آسیہ امجد رپورٹ پیش کریں۔

مسودہ قانون راولپنڈی وومن یونیورسٹی راولپنڈی 2019 اور مسودہ قانون یونیورسٹی میانوالی 2019 کے بارے میں رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

محترمہ آسیہ امجد: جناب سپیکر!

The Rawalpindi Women University, Rawalpindi Bill 2019. (Bill No.27 of 2019)

The University of Mianwali Bill 2019. (Bill No.29 Of 2019)"

کے بارے میں مجلس قائمہ برائے ہائر ایجوکیشن کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتی ہوں۔

(رپورٹ پیش ہوئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، رپورٹیں پیش کر دی گئی ہیں۔

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! آپ نے قواعد معطل کئے ہیں؟

تحاریک التوائے کار

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا مشہود احمد خان! میں نے قواعد معطل نہیں کئے۔ ایک تحریک التوائے کار لے لیتے ہیں اس کے بعد آپ بات کر لیں۔

جناب محمد وارث شاد: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد وارث شاد! آپ ایک منٹ تشریف رکھیں۔ آپ کی لسٹ آگئی ہے۔ پہلے تحریک التوائے کار پڑھی جائے تو پھر آپ بات کر لیں۔

جناب محمد وارث شاد: جناب سپیکر! یہ آپ قواعد کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمد وارث شاد! ہم قواعد کے خلاف نہیں چل رہے لہٰذا آپ تشریف رکھیں۔ محترمہ سیمابیہ طاہر تحریک التوائے کار نمبر667/19 پیش کرنا چاہتی ہیں لہٰذا میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ تحریک پیش کریں۔

پنجاب سے پی اے ایس/ڈی ایم جی
افسران کی خدمات واپس وفاق کے سپرد کرنے کا مطالبہ

محترمہ سیمابیہ طاہر: جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل240(b)کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اسلام آباد، جو کہ آئین کے متذکرہ بالا آرٹیکل کے تحت پنجاب اسمبلی کا اختیار ہے، پنجاب میںPAS/DMG افسران کو ان کے متعین شدہ کوٹا سے دس گنا زائد تعینات کرتا چلا آ رہا ہے۔ PAS/DMG کی تعیناتی صوبائی پوسٹوں پر CSP Rules, 1954 کے رول7(1) کے تحت انہی رولز کے شیڈول میں دی گئی 115 پوسٹوں کے مندرجہ ذیل فارمولا / حصہ کے تحت ہونی چاہیئے:

BS-17	BS-18	BS-19	BS-20	BS-21
25 percent	40 percent	50 percent	60 percent	65 percent

اس فارمولہ کے تحت Composition & Cader(CSP) Rules, 1954 کے شیڈول میں دی گئی 115 پوسٹوں میں سے PAS/DMG کا کل حصہ پنجاب میں 47 پوسٹ بنتی ہیں جبکہ آئین کے آرٹیکل 240(b) کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے متذکرہ بالا فارمولا پنجاب میں سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی تمام پوسٹوں پر غیر قانونی طور پر لاگو کر دیا گیا ہے اور 47 پوسٹوں کی بجائے غیر قانونی طور پر PAS/DMG نے 561 پوسٹس اپنے لئے خود سے مختص کر لی ہیں جبکہ درحقیقت اس وقت پنجاب میں PAS/DMG 294 افسران کام کر رہے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ PAS/DMG کے پاس اتنے افسران ہی موجود نہیں ہیں کہ وہ یہ تمام پوسٹس پُر کر سکیں۔ نتیجتاً 267 انتہائی اہم پوسٹس جان بوجھ کر خالی رکھی گئی ہیں جس کی وجہ سے پنجاب میں گڈ گورننس کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ اس پوری سکیم کا مقصد محض PAS/DMG کے افسران کی تیز ترقی کو یقینی بنانا ہے، چاہے اس کی قیمت پورے سسٹم کو ادا کرنی پڑے۔ آئین پاکستان اور اسکے تابع قوانین پر عملدرآمد کے بغیر ملک میں قانون کی عملداری اور گڈ گورننس کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

جناب سپیکر! مزید برآں صوبائی خود مختاری آئین کے مطابق صوبائی سروسز کے فروغ کے بغیر ناممکن ہے۔ پنجاب اسمبلی کے پاس کردہ Punjab Civil Servants Act, 1974 کے تحت وضع کردہ Punjab PMS Rules, 2004 کے مطابق APUG/PAS کا حصہ یعنی 47 پوسٹس منہا کرنے کے بعد باقی 100 فیصد پوسٹس صوبائی سروس (PMS) کے لئے مختص ہیں لہٰذا آئین کے آرٹیکل 240(b) کے تابع پنجاب اسمبلی کی جانب سے وضع کردہ قانون Punjab Civil Servants Act, 1974 اور Punjab PMS Rules, 2004 کے تحت پنجاب میں سے 47 سے زائد تمام PAS/DMG افسران کی خدمات واپس وفاق کے سپرد کی جائیں لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

پوائنٹ آف آرڈر

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

ایجنڈے میں شامل کئے بغیر رپورٹیں ایوان میں پیش کرنے کے بارے میں جناب ڈپٹی سپیکر سے رولنگ کا مطالبہ

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! House in order نہیں ہے اور illegally چلایا جا رہا ہے۔ ہمارے پاس آج کے ایجنڈے کی فہرست میں کارروائی ہے لہٰذا میرا آپ سے سوال ہے کہ کس قانون کے تحت یہ بزنس پیش کیا جا رہا ہے۔ ہاؤس کو bulldoze کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو یہ غلط ہے اور ایک غلط precedent set کیا جا رہا ہے۔ یہ آج کے بزنس میں شامل تھا اور نہ ہی آج کی کارروائی میں شامل تھا تو یہ تمام کی تمام illegal کارروائی ہے جو کہ کروائی جا رہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر قانون!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! میرے پاس اس تحریک التوائے کار کا ابھی جواب نہیں آیا لہٰذا میری استدعا ہو گی چونکہ تحریک التوائے کار کو منظور کرنے کی request کی گئی ہے تو اس تحریک التوائے کار کو منظور فرمانے کی بجائے اس تحریک التوائے کار کو سپیشل کمیٹی کو بھیج دیں اس کمیٹی میں ہم اس کو دیکھ لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وزیر قانون! چلیں، ٹھیک ہے۔ جی، ملک محمد احمد خان!

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! اوّل تو یہ laying of reports ایجنڈا پر ہوں لیکن اگر نہیں ہیں تو پھر کیسے پیش ہو سکتی ہیں؟ اس پر آپ رولنگ دیں یا Rule پڑھ کر بتا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک محمد احمد خان! آپ Rule 167 پڑھ لیں۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! It doesn't say that you don't have to bring it on the agenda? یا تو یہ اسے stipulate کرے It actually proves my case! اس کی کوئی دوسری interpretation یا reading نہیں کر سکتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اس Rule کو ذرا پڑھ لیں۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! میں نے پڑھ لیا ہے لیکن آپ کہتے ہیں تو میں اونچا پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ ہاؤس کو پڑھ کر سنا دیں۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! یا تو یہ Rule 167(1) کہتا ہو کہ اس کو ایجنڈا پر لائے بغیر کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ ہاؤس کو پڑھ کر سنائیں۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔ Rule میں لکھا ہوا ہے:۔

1. The report of a Committee shall be presented to the Assembly by the Chairman or, in his absence, by any other member of the Committee or by the member-in-charge

جناب سپیکر! اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے وہ بالکل پیش کرے کیونکہ آپ کے حکم پر present ہونی ہے۔ آگے لکھا ہوا ہے۔

2. The Secretary shall cause every report of the Committee together with the views of the minority, if any, to be printed and a copy thereof made available to members.

جناب سپیکر! اب آپ بتائیں کہ یہ کہاں پر لکھا ہوا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک محمد احمد خان! اس Rule میں کہاں لکھا ہوا ہے کہ ایجنڈے میں یہ شامل کرنی ہیں؟ آپ ذرا اس کو دوبارہ پڑھ لیں۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! میں عرض کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک محمد احمد خان! آپ تو پڑھے لکھے ہیں۔ مجھے بتائیں کہ اس Rule میں کہاں پر لکھا ہوا ہے کہ ایجنڈے میں ڈالنا ہے۔

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! یہ ایجنڈا پھر بنایا کیوں جاتا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا مشہود احمد خان! آپ اُن کو بات کرنے دیں۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! میں عرض کرتا ہوں۔ اس ہاؤس کے اندر جو کچھ بھی کہا جاتا ہے یا بولا جاتا ہے وہ ایجنڈے کے مطابق ہوتا ہے۔ اگر آپ ایجنڈے سے ہٹیں گے تو آپ کو قواعد معطل کرنے پڑیں گے جس کا آپ کے پاس اختیار ہے۔ آپ قواعد معطل کر کے یہ کر دیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ یہ اجلاس on the requisition of the Opposition بلایا گیا ہے لیکن گورنمنٹ بزنس کی رپورٹیں پیش ہو رہی ہیں تو یہ کیسے ہو سکتا ہے؟

جناب سپیکر! میری آپ سے یہ submission ہو گی کہ یہ legacy آپ کی ہے and as a Speaker how you conducted? چونکہ میں اسمبلی سیکرٹریٹ کے سٹاف کے conduct کو آپ کے سامنے نہیں لا سکتا لیکن میری آپ سے درخواست صرف یہ ہے کہ رپورٹیں پیش کرنے کا جو معاملہ ہے اس پر قواعد کو معطل کر دیا جاتا تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوتا لیکن Rule یہ کہہ رہا ہے کہ ممبران کو کاپی serve upon کی جائے گی۔ جو رپورٹ ایجنڈے پر ہی نہیں ہے تو اس کی کاپی کیسے serve upon کی جائے گی؟ Law Minister should make the statement ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا if he can give any other interpretation تو ہمیں قبول ہو گی۔

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! یہ valid point ہے۔ ہم پہلے بھی یہی بات کرتے رہے کہ اس اسمبلی کے تقدس کا معاملہ ہے لیکن بار بار اس اسمبلی کے تقدس پر حملے کئے جا رہے ہیں۔ اگر آج آپ نے یہ سارا کچھ کرنا تھا تو آپ قواعد کو معطل کرنے کی تحریک پاس کروا کر پیش کر لیتے۔ آپ ایک ایجنڈا دیتے ہیں لیکن جو matter ایجنڈے میں نہیں ہے اُس کو take up کر لیتے ہیں تو یہ غلط ہے لہٰذا اس ہاؤس کے floor پر جتنی کارروائی کی گئی ہے وہ illegal ہے۔ یہ آپ کا precedent and legacy ہے۔ کل جب تاریخ لکھی جائے گی تو اُس میں یہ لکھا جائے گا کہ اس Chair نے آئین، قانون اور قواعد کے خلاف جا کر اس ہاؤس کو bulldoze کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہم اس کی اجازت بالکل نہیں دیں گے لہٰذا آپ کو قواعد کو follow کرنا پڑے گا۔ آج اتنی جلدی اور تیزی کیا تھی حالانکہ 14۔اکتوبر کو آپ اپنا اجلاس بلا رہے ہیں تب آپ سب کچھ کر لیتے۔ آپ نے غلط precedent set کیا ہے۔ آج آپ نے اس اسمبلی کے تقدس پر سمجھوتہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ جب تک قانون اور ضابطے کے تحت ہاؤس کو نہیں چلایا جائے گا تب تک ہم یہ کام نہیں ہونے دیں گے لہٰذا آج کے تمام اقدام کو illegal قرار دیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بحث کا آغاز کیا جائے۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! خواجہ عمران نذیر اس پر بات کریں گے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! میں افسوس کے ساتھ یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی رانا مشہود احمد خان ہاؤس کے تقدس کی بات کر رہے تھے اور ملک محمد احمد خان میرے بھائی ہیں جو سب کو کہہ رہے تھے کہ کھڑے ہوں تو کیا یہ ہاؤس کا تقدس ہے، یہ ہاؤس کے تقدس کی بات کرتے ہیں تو کیا یہ تقدس ہے؟

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف
اپنی نشستوں کے سامنے کھڑے ہو کر نعرے بازی کرنے لگے)

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا مشہود احمد خان! یہ طریق کار ٹھیک نہیں ہے۔

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! آج ہم نے اتنے اہم issues پر اجلاس بلایا تھا لیکن اس سے زیادہ اہم issue یہ بن گیا ہے کہ اسمبلی کو bulldoze کرنے اور غیر قانونی کام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! رانا مشہود احمد خان جو پوائنٹ فرما رہے ہیں میں اس کا جواب دینا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام ممبران تشریف رکھیں اور وزیر قانون کی بات تسلی سے سنیں۔ جی، وزیر قانون!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! میں ان سے گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں اور مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ رانا مشہود احمد خان خود ڈپٹی سپیکر رہے ہیں جبکہ محترم قابل احترام رانا محمد اقبال خان سابق سپیکر بھی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں ہاؤس کے اس floor پر حلفاً یہ statement دینا چاہتا ہوں کہ آج یہ پہلی بار نہیں ہوا بلکہ ہمیشہ ہاؤس کی کارروائی چل رہی ہوتی تھی تو کوئی بھی ممبر کھڑا ہو کر کہتا تھا کہ میں نے رپورٹ پیش کرنی ہے۔ بتائیں کیا ماضی میں یہ نہیں ہوا؟ ہمیشہ یہ ہوتا رہا ہے اس لئے قطعی طور پر ایجنڈے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔ (قطع کلامیاں)

رانا محمد اقبال خان: جناب سپیکر! میں عرض کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، رانا محمد اقبال خان بات کرنا چاہ رہے ہیں۔

رانا محمد اقبال خان: جناب سپیکر! وزیر قانون نے میرا نام لیا ہے کہ بے شک اِن سے پوچھ لیں تو میں بتاتا ہوں کہ میرے دَور میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپوزیشن نے کبھی اجلاس requisite نہیں کیا۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! ایک منٹ مجھے ٹائم چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب سمیع اللہ خان!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! جس طرح وزیر قانون نے کہا کہ ماضی میں کارروائی چلتی رہی ہے جس کا رانا محمد اقبال خان نے جواب دے دیا لیکن پچھلے پانچ سال کی اسمبلی میں اپوزیشن کی تعداد اتنی نہیں تھی کہ وہ اجلاس requisite کر سکتے۔

جناب سپیکر! میں اصل بات یہ کرنا چاہ رہا ہوں کہ کارروائی جب چل رہی ہوتی ہے اُس میں بعض دفعہ قواعد سے ہٹ کر کوئی matter آجاتا ہے لیکن دونوں اطراف سے اگر کوئی ممبر اس کو point out نہیں کرتا تو وہ کارروائی کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس بات کو چھوڑ دیں کہ اس issue کو ملک محمد احمد خان یا رانا مشہود احمد خان نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے بلکہ کسی بھی کارروائی کے اوپر کوئی بھی معزز ممبر جو حکومت کی طرف سے بھی ہو سکتا ہے، اگر کارروائی کو قواعد کے مطابق نہ ہونے کا سوال اٹھا دے تو اُس وقت آپ پر لازم ہو جاتا ہے کہ اُس issue کو حل کریں تو میری تجویز یہ ہے جو میں آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ جو کارروائی ہوئی ہے اسے معطل کیا جائے۔ جناب محمد بشارت راجا اور اپوزیشن کی طرف سے دوست بیٹھ کر اس کا کوئی حل نکالیں۔ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں۔ پوائنٹ آؤٹ ہونے کے بعد کہ آپ اسے null and void کریں یعنی اس کارروائی کا جتنا حصہ ہوا ہے۔ اگر دوبارہ آپس میں بیٹھ کر اپوزیشن اور حکومت اس پر کوئی راستہ نکالتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ وہ قانونی راستہ ہوگا لہٰذا میری یہی گزارش ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک محمد احمد خان!

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ Just with one comment on this پھر اس کے بعد۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔

ملک محمد احمد خان: جناب سپیکر! آپ میرے سپیکر ہیں اور میں تو صرف آپ کی رولنگ کی sanctity چاہتا ہوں that's all آپ کا فیصلہ درست ہونا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ خواجہ عمران نذیر !

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! میں ایک چیز پوائنٹ آؤٹ کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا مشہود احمد خان! ان کا نام ہے۔

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! خواجہ عمران نذیر ہی شروع کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

رانا مشہود احمد خان: جناب سپیکر! ہم نے ہی ان کا نام دیا ہوا ہے لیکن میرا issue صرف یہ ہے کہ جتنی آج کارروائی ہوئی ہے یہ آپ کے نام کے ساتھ لگ رہی ہے اور یہ آپ کی legacy ہے کہ کل کے اخبارات میں خبر شائع ہو گی اور اسمبلی کا جو ریکارڈ بنے گا اس میں ایک illegal act آپ کے نام سے آ رہا ہے تو اس حوالے سے ہم اس پر آپ سے رولنگ بھی مانگ رہے ہیں۔ ہمیں Chair سے رولنگ چاہئے کہ جب اس طرح کا کام جو ایجنڈے میں نہیں ہے اور کسی قانون کے اندر نہیں ہے تو حکومت اسے اسمبلی میں کس طرح bulldoze کر رہی ہے۔ حکومت سپیکر آفس اور سپیکر کی Chair کو bulldoze نہیں کر سکتی تو ہمارا صرف یہ concern ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! شکریہ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سوموار کو چونکہ ہم اجلاس طلب کر رہے ہیں تو میں پورے دس سالوں کا ریکارڈ آپ کی خدمت میں پیش کروں گا کہ ایجنڈے کا sequence کیا ہوتا تھا، کون کون سی چیزیں ایجنڈے پر ہوتی تھیں اور ان دس سالوں کے دوران ایجنڈے پر لائے بغیر سٹینڈنگ کمیٹیوں کی رپورٹیں پیش ہوئیں یا نہیں؟ تو میں پورے دس سالوں کا ریکارڈ آپ کو سوموار کو پیش کر دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جتنی بھی کارروائی ہوئی ہے۔

That is according to the rules, that is according to the rules. It is simple as that

سرکاری کارروائی

بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: اب ہم گورنمنٹ بزنس شروع کرتے ہیں۔ آج کے ایجنڈے پر کشمیر ایشو، ہیلتھ سروسز، لاء اینڈ آرڈر، پرائس کنٹرول اور ڈینگی کنٹرول پر عام بحث ہے لہٰذا جو معزز ممبران بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنے نام مجھے بھجوادیں۔ جی، وزیر قانون!

مسئلہ کشمیر، خدمات صحت، امن وامان، پرائس کنٹرول اور ڈینگی کنٹرول پر عام بحث

وزیر قانون و پارلیمانی امور / سماجی بہبود و بیت المال (جناب محمد بشارت راجا): جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

"مسئلہ کشمیر، خدماتِ صحت، امن وامان، پرائس کنٹرول اور ڈینگی کنٹرول پر عام بحث کا آغاز فرمایا جائے۔"

جناب ڈپٹی سپیکر: آج کی بحث کا آغاز خواجہ عمران نذیر کریں گے۔ جی، خواجہ عمران نذیر!

خواجہ عمران نذیر:

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ o
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ o
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o

جناب سپیکر! شکریہ۔ مجھے بڑی حیرانی ہوتی ہے کہ اس ہاؤس میں مجھ سمیت سارے معزز ممبران چاہے وہ حکومتی بنچز پر ہیں یا اپوزیشن بنچز پر وہ اپنے اپنے علاقوں سے ووٹ لے کر منتخب ہو کر آتے ہیں اور ماشاء اللہ یہاں پر چار چار، پانچ پانچ مرتبہ منتخب ہونے والے بھی ممبران

ہیں جنہیں definitely اپنے علاقوں کا دکھ اور درد ہوتا ہے لیکن جب مفاد عامہ کی باتیں آتی ہیں، جب ایسی چیزیں آتی ہیں کہ جس پر علاقے کے لوگوں کی فلاح کے لئے بات کرنی ہے، جس پر اس صوبے کے لوگوں کی بہتری کے لئے بات کرنی ہے اور جس پر اس صوبے کے معاملات کو مزید اچھا کرنے کی بات کرنی ہے تو میری سمجھ سے یہ بات باہر ہے کہ اپوزیشن جب بھی ریکوزیشن جمع کرواتی ہے تو اجلاس کا وقت ایسا عجیب وغریب سا آتا ہے کہ اپوزیشن سوچتی رہ جاتی ہے کہ اس پر بات کیا کرنی ہے۔

جناب سپیکر! نماز جمعہ کا وقت ہے، میں بڑے ادب سے عرض کروں کہ نماز جمعہ کی ادائیگی کا وقت ہے۔ میں کچھ دیر بات کرلوں گا اور کچھ دیر کوئی اور ممبر حکومتی بنچز سے بات کرلیں گے تو نماز جمعہ کا وقت ہو جائے گا پھر اس کے بعد بات فارغ اور ختم ہو جائے گی۔ ہم کب seriousness کا مظاہرہ کریں گے؟ جناب محمد بشارت راجا ماشاء اللہ بڑے سینئر پارلیمنٹیرین ہیں جن کی میں بڑی عزت اور احترام کرتا ہوں لیکن مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ جب آپ مثالیں دینے پر آتے ہیں تو فٹافٹ انگلیاں اٹھا کر ہمارے دور کی مثالیں دیتے ہیں۔ بھئی ہم تو بقول آپ کے "گندے تھے اور ہم تو بُرے تھے۔" آپ بُروں کی مثالیں دیتے ہیں آپ تو اچھے تھے لہٰذا اچھے بن کے دکھائیں۔ آپ وہ روایات کیوں پیدا کرتے ہیں کہ جن روایات کی آپ کو مثال دینی پڑتی ہے اور کل کوئی دوسرا بندہ کھڑا ہو کر بات کرے گا۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آپ لوگ تو نیک ہیں اور آپ ریاست مدینہ کے داعی ہیں تو خدارا آپ اس طرح مت کریں۔ دیکھیں، اگر آپ نے ایک اچھا کام کیا تھا جس کی ہم نے floor پر آپ کی تعریف کی کہ آپ نے پروڈکشن آرڈر والا معاملہ کیا جو کہ ہماری حکومت نہیں کر سکی اور یہ ہماری غلطی تھی لیکن آپ نے وہ ایک اچھا کام کرکے پھر اس پر مٹی ڈال لی ہے۔ آپ اپنی اچھائی کو تسلسل سے قائم رکھیں اور میری آپ سے یہی request ہے۔

جناب سپیکر! بات یہ ہے کہ آج کے ایجنڈے پر پانچ پوائنٹس بڑے اہم دیئے گئے ہیں جن میں مسئلہ کشمیر، پرائس کنٹرول، خدمات صحت، ڈینگی کنٹرول پر بات کرنے کے لئے اور امن عامہ پر بات کرنی تھی۔ اتنے اتنے بڑے مسئلے ہیں لیکن میرا خیال ہے کہ اب بات کرنے کے

لئے شاید پندرہ منٹ رہ گئے ہیں اور اس کے بعد سب ممبران نماز جمعہ کے لئے چلے جائیں گے پھر بات درمیان میں رہ جائے گی۔ یہی ایک روّیہ ہے۔

جناب سپیکر! میں بڑے ادب سے عرض کروں کہ جب خیبر پختونخوا میں ڈینگی آیا تھا تو وہاں پر definitely خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی حکومت تھی۔ مجھے میرے وزیر اعلیٰ میاں محمد شہباز شریف نے حکم دیا کہ آپ وہاں جائیں اور خیبر پختونخوا والوں کی مدد کریں۔ اللہ کی ذات جانتی ہے کوئی سیاست نہیں کرنی تھی صرف اور صرف اس لئے کہ ہم چونکہ اس مصیبت سے گزر چکے تھے اور ہمیں اس کا تھوڑا بہت علم ہو چکا تھا تو ہم نے سوچا کہ اپنے خیبر پختونخوا بھائیوں کو جا کر انہیں مدد دیں۔

جناب سپیکر! میں وہاں جا کر دو دن بیٹھا رہا اور میری بات سننے کو کوئی تیار نہیں تھا۔ میں نے شہرام ترکئی صاحب غالباً وزیر تھے جنہیں میں نے کئی فون کئے اور کہا کہ بھائی میں کوئی میڈیا ٹاک نہیں کروں گا اور میں کسی میڈیا پر نہیں آؤں گا لہٰذا آپ صرف مجھ سے مل لیں۔ جن چیزوں پر ہم expertise دینا چاہتے ہیں وہ لے لیں لیکن انہوں نے شرط رکھی کہ پھر آپ واپس چلے جائیں گے تو میں نے ان کی شرط کو تسلیم کیا اور اسی دن واپس آ گیا۔ میں نے ان سے جا کر جب میٹنگ کی تو ماشاء اللہ وزیر صحت بیٹھی ہیں dextran 40 ڈینگی سے جان بچانے کی میڈیسن ہے جو کہ ڈینگی کے مریض کو shock میں جانے سے بچاتی ہے تو خیبر پختونخوا حکومت کو پتا ہی نہیں تھا کہ اس نام کی کوئی چیز یا میڈیسن ہوتی ہے۔ انہوں نے وہ میڈیسن ہم سے لی یعنی پنجاب حکومت نے دی۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم نے کوئی گناہ کر دیا۔

جناب سپیکر! بہت ساری چیزیں ایسی ہوتی ہیں کیونکہ بندہ کام کرتا ہے اور اس دوران ذہن میں نہیں بھی رہتیں تو اگر یہاں سے بحث میں کوئی ایک آدھی بھی اچھی چیز pick ہو جائے گی، ہمارے پنجاب کے کسی غریب مریض کا بھلا ہو جائے گا، لاء اینڈ آرڈر پر بھی کوئی اچھی بات آ جائے گی اور ڈینگی کنٹرول پر کوئی اچھی بات آ جائے گی تو اس میں پریشانی اور مصیبت کیا ہے۔ جمعہ کا دن ہماری ریکوزیشن پر اجلاس کے لئے منتخب کیا گیا ہے اور وہ بھی صبح کا وقت۔

جناب سپیکر! میں ایک چیز عرض کروں کہ جب بھی ہم ریکوزیشن جمع کرواتے ہیں، رانا مشہود احمد خان، جناب سمیع اللہ خان، ملک محمد احمد خان اور محترمہ عظمیٰ زاہد بخاری سب اسے second کریں گے پتا ہوتا ہے کہ جس دن لیڈر شپ کی تاریخیں ہیں اسی دن ریکوزیشن پر اجلاس بلا لیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر! میں بڑے ادب سے عرض کروں کہ یہ ہمارا نقصان نہیں کر رہے اور یہ ہمارا نقصان نہیں ہو رہا بلکہ آپ پنجاب کے 12 کروڑ عوام کا نقصان کر رہے ہیں۔ آپ لوگ ہم پر انگلیاں اٹھاتے تھے لیکن آج وہی کام آپ لوگ کر رہے ہیں جن پر ہمیں آپ غلط کہا کرتے تھے۔ اگر ہم غلط تھے تو خدارا آپ غلط کام نہ کریں یا پھر مان لیں کہ ہم غلط نہیں تھے بلکہ ہم بھی ٹھیک تھے۔

جناب سپیکر! میری صرف اتنی سی عرض ہے۔ صحت کا محکمہ جس کی تقسیم چند سال پہلے ہوئی۔ اس سے پہلے ہمارے ملک کے متعلق ساری دنیا کو پتا ہے اور اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ ہم جن standards پر خواہش کرتے ہیں ان standards پر ہم اس طرح صحت کے شعبے میں deliver ہی نہیں کر پاتے کیونکہ ہمارے بہت سارے مسائل ہیں۔ جب ہماری اس صوبے میں دس سال حکومت رہی ہے تو اس دوران صحت کو priority دینے کی کوشش کی گئی لیکن خاص طور پر پچھلے آخری چار یا تین سال تھے تو اس میں war footing پر ہیلتھ پر کام ہوا۔ Acknowledge کیا گیا کہ اس پر بے پناہ کام کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب سپیکر! محکمہ صحت کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ اسے اس لئے تقسیم نہیں کیا گیا کہ ایک میں خواجہ سلمان رفیق کو وزیر بنانا تھا اور ایک میں مجھے وزیر بنانا تھا بلکہ اس کے پیچھے سوچ یہ تھی کہ مریضوں کو بیمار ہونے سے پہلے کیسے بچایا جائے۔ Preventive کا کام جو دب جاتا تھا، ٹیچنگ ہسپتالوں کی بات ہمیشہ خبروں میں بھی آ جاتی تھی اور ہر issue highlight ہو جاتا ہے لیکن جو چھوٹے چھوٹے BHUs, RHCs, THQs, DHQs اور اس کے علاوہ preventive programmes مثلاً ڈینگی کنٹرول پروگرام ہے، ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام ہے، ایڈز کنٹرول پروگرام تھا اور اس طرح کے بہت سارے پروگرام تھے جن پر کوئی بات ہی نہیں ہوتی تھی تو یہ پروگرام الماریوں میں سج کر رہ جاتے تھے جن کے صرف فیتے کٹتے تھے پھر بات ختم ہو جاتی تھی۔

ان کیbifurcationکا فیصلہ جو میاں محمد شہباز شریف کا تھا تو اسbifurcationکے نتیجے میں وہ تمام چیزیں کھل کر سامنے آئیں۔ وہ تمامBHUsاور RHCs، میں نے اسی ہاؤس میں، میں اس سیٹ پر پارلیمانی سیکرٹری کے طور پر تھا، ہمارے بھائی میاں محمد اسلم اقبال بھی گواہ ہیں جو اُس وقت بیٹھے ہوئے تھے اور میاں محمود الرشید بھی بیٹھے ہوئے تھے، مجھے یاد ہے کہ اس وقت جب میں پارلیمانی سیکرٹری تھا میں نے تسلیم کیا کہ ہمارےBHUsمیں 25 فیصد سے زیادہ میں ڈاکٹر نہیں ہیں یعنی 75 فیصدBHUsایسے ہیں جہاں پر ڈاکٹر نہیں ہیں لیکن اللہ کے فضل سے جب ہم حکومت چھوڑ کر گئے ہیں تو 99.9فیصد میں ڈاکٹر تھے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آج مجھے یہ پوچھنا ہے کہ ان کی حالت آج کیا ہے؟ بہت ساری ایسی چیزیں ہیں، اگر آپ ڈینگی کی بات کر لیں تو آج اس صوبے میں 14 ہزار سے زائد مریض ہیں۔ میں کراچی کی بات نہیں کرتا اور میں کے پی کی بات نہیں کرتا۔ اسلام آباد راولپنڈی کو میں اس صوبے کے ساتھjointسمجھتا ہوں۔ اسلام آباد راولپنڈی کا مسئلہ یہ ہے، میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ وہاں پرbordersنہیں ہیں اور ڈینگی مچھر وہاں پر ویزہ لے کر نہیں جاتا کہ وہ کہتا ہے کہ federal territoryہے تو میں وہاں جانے سے ذرا اجتناب کروں۔ پچھلے کئی سالوں سے یہ چیز establish ہو چکی ہے کہ جو لوگ وہاں پر کام کرتے رہے ہیں انہیں اس چیز کا بالکل ادراک تھا کہ ڈینگی کا problemراول ٹاؤن، پوٹھوہار ٹاؤن اور اسلام آباد کی territory میں لازمی آتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ وقت سے پہلے اسلام آباد کی ایڈمنسٹریشن کو ہلانا اور متحرک کرنا چاہئے تھا۔

جناب سپیکر! میں بڑے ادب کے ساتھ عرض کروں کہ اسلام آباد کی ایڈمنسٹریشن اس طرح سےactivelyکام نہیں کرتی جس طرح پنجاب کے معاملات ڈینگی میں چلتے ہیں۔ ہمارے دور میں بھی یہproblemآتی تھی اور آپ کے دور میں بھی یہproblemآئی ہے۔ وقت سے پہلے ان تمام چیزوں کو ہلانا جلانا ضروری تھا۔

جناب سپیکر! ہمیں مان لینا چاہئے کہ ہم سےdelayہوا ہے اللہ معاف کرے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ فرد جرم عائد کرنی ہے انسان ہیں غلطی ہو جاتی ہے پھر کیا ہوا لیکن غلطی کو تسلیم کر کے بہتر کر لینا یہ بہت بڑا ہونے کی نشانی ہے۔

جناب سپیکر! میں بالکل مطمئن ہوں میں کوئی سیاسی بات نہیں کروں گا آفیسر گیلری میں دو بڑے قابل آفیسر بیٹھے ہیں کیپٹن عثمان اور میاں شکیل مجھے امید ہے کہ جس طرح کیپٹن عثمان نے بطور ڈی سی لاہور ہمارے دور میں دن رات محنت کر کے پولیو اور ڈینگی کے اوپر کام کیا تھا اور میاں شکیل صاحب نے بہت اچھے اچھے ٹاسک کئے ہوئے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے اور آپ سے درخواست ہے کہ آپ بار بار موسموں اور کپڑوں کی طرح آفیسرز بدل دیتے ہیں خدارا ان کو نہ بدلئے گا، ان کو کام کرنے دیجئے گا اگر آپ ان کو کام کرنے دیں گے تو یہ آپ کو رزلٹ دے دیں گے۔

جناب سپیکر! یہاں پر یہ حالت ہے کہ ہم اپنی غلطی، اپنی نااہلی کو تسلیم کرنے کی بجائے ملبہ بے چارے بیوروکریٹس پر ڈال دیتے ہیں۔ ڈی سی لاہور صالحہ سعید نے جب سپیڈ پکڑ لی تو اُس کو ہٹا دیا گیا، ڈی سی راولپنڈی کو اُس وقت ہٹایا گیا کہ جب وہاں پر ڈینگی کے معاملے کی قیامت برپا تھی، آپ لوگوں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے بہر حال آپ کی گورنمنٹ ہے۔

جناب سپیکر! میں صرف یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ جو political will ہے کچھ دن پہلے حسن نثار صاحب نے ایک بات کہی بہت حیرت انگیز طور پر اُن کے منہ سے نکلی۔

جناب سپیکر! میں بہت حیران ہوا کہ اُن کے منہ سے یہ بات کیسے نکلی؟ انہوں نے کہا میاں محمد شہباز شریف ڈینگی پر سواری کر رہا تھا۔

جناب سپیکر! یقین کریں اور جناب عثمان احمد خان بُزدار سے کہیں کہ سواری کی کوشش کریں جب تک وہ سٹیرنگ کو خود ہاتھ میں نہیں لیں گے، جب تک میاں محمد شہباز شریف کی طرح جس وقت ڈینگی آیا تھا اڑھائی مہینے صبح سات سے دس بجے تک لاہور کے تمام معزز ممبران اسمبلی، لاہور کی تمام ایڈمنسٹریشن، تمام سول سوسائٹی، تمام جرنلسٹ اور دوسرے تیسرے سب مل کر۔۔۔

(اذان جمعتہ المبارک)

جناب سپیکر! میں یہ request کر رہا تھا کہ ایک political ownership ہوتی ہے ایک بندے کو نظر آنا چاہئے کہ حکومت ایک چیز کے پیچھے پڑ گئی ہے۔

جناب سپیکر! آج بڑے ادب سے میں عرض کرتا ہوں آج ہمارے محترم وزیراعلیٰ جناب عثمان احمد خان بُزدار کو پوچھیں کہ اُنہوں نے ڈینگی کے معاملے پر کتنی میٹنگ لی ہیں؟ ہونا تو یہ چاہئے کہ وہ روزانہ صبح ویڈیو لنک پر بیٹھ کر راولپنڈی میں چیک کریں، باقی شہروں میں چیک کریں، آج ڈینگی کسی ایک دو شہروں کی حد تک نہیں رہا۔

جناب سپیکر! میں نے جو figures دیکھی ہیں پورے پنجاب میں ڈینگی پھیل گیا ہے اور لالہ موسیٰ جیسے شہر میں ڈینگی سے موت ہوگئی ہے۔ آپ کو اس معاملے کو بڑا سیریس لینا پڑے گا جناب عثمان احمد خان بُزدار کو آپ ٹریننگ دے رہے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ روزانہ اُن کو ٹریننگ دیتے ہیں اُن کی مدد بھی کرتے ہیں لیکن اگر وہ نہیں trained ہو پا رہے تو میاں محمد اسلم اقبال جیسے لوگ بیٹھے ہیں، جناب محمد بشارت راجا جیسے لوگ بیٹھے ہیں، آپ کے پاس بڑے بڑے قابل لوگ ہیں کیوں اس صوبے کو learning licence پر چلا رہے ہیں؟ خدا کا واسطہ ہے اس صوبے کو learning licence پر مت چلائیں، L کے نشان سے صوبے کی جان چھڑائیں، آپ کسی trained بندے کو لے کر آئیں، آپ کے پاس mandate ہے لوگ آپ کی طرف دیکھتے ہیں تو آپ کی مہربانی ہے اس چیز کو سیریس لیں اور جہاں تک dengue cabinet committee کی پوزیشن ہے تو ہمارے دور میں dengue cabinet committee کا اجلاس ہر ہفتے ہوتا تھا اور جب اس طرح کی epidemic آجاتی تھی تو پھر صبح شام بھی اُس کمیٹی کا اجلاس ہوتا تھا۔ آج میں حیران ہوں کہ ایک ہفتے کے بعد اجلاس ہوتا ہے چیف سیکرٹری اور منسٹر صاحبہ تمام چیزوں کو دیکھتی ہیں اور daily جو میٹنگ ہونی ہوتی ہے وہ DCs اور VCs کرتے ہیں۔

جناب سپیکر! اب آپ کے پاس ویڈیو لنک موجود ہے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو میاں محمد شہباز شریف نے اتنا اچھا سیٹ کر دیا تھا کہ آپ یہاں بیٹھے بیٹھے پورے پنجاب کی میٹنگ کر سکتے ہیں اور آپ کرتے بھی ہیں تو آپ اُس کو استعمال کریں، آپ PITB کے dashboard کو استعمال کریں، آپ اُن تمام چیزوں کو استعمال کریں اور جو عجیب بات مجھے لگتی ہے کہ جس پر ماشاءاللہ جناب عثمان احمد خان بُزدار نے انکوائری بھی لگائی ہے کہ سب کو پتا تھا کہ ڈینگی کا مسئلہ ہے حالت یہ ہے کہ جو ڈینگی کی سپرے کرنے کی میڈیسن تھی وہ procure کرنا ہی بھول گئے procure ہی نہیں کی اُس پر اب انکوائری لگا دی ہے۔ تو جب آپ کی حالت یہ ہے کہ آپ کو یاد ہی

